WWW.ASIAURDU.COM
ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ DAILY ASIA URDU MULTAN
ایشیاء اردو
ملتان/پاکستان
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک
16 SEPTEMBER 2026
رجسٹرڈ نمبر 358/ایم
ڈیکلریشن نمبر 804☆
جلد نمبر 4 | بدھ 03 ربیع الثانی 1448ھ 16 ستمبر 2026ء 02اسوج صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 260

کسی بھی ہائیکورٹ میں اس نوعیت کا کوئی بھی کیس زیر التوا ہو اسکا ریکارڈ بھجوایا جائے،آئینی عدالت کا حکم

اختیارات کے استعمال میں آئین مقدم ہونا چاہیئے

چیف جسٹس آئینی عدالت

عمران کی ہسپتال منتقلی سے جڑے تمام مقدمات کی سماعت کا فیصلہ، ریکارڈ طلب

آئین کی پاسداری سے ہی معاشرے میں استحکام ممکن،انصاف تک رسائی ہر شہری کو بنیادی حق ہے، جسٹس امین الدین

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے ۔ وفاقی آئینی عدالت میں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی آئینی عدالت نے عمران خان کی ہسپتال منتقلی کیس سے جڑے تمام مقدمات کی سماعت کا فیصلہ کرتے ہوئے سپریم کورٹ اور ہائیکورٹس سے ریکارڈ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد،سخت سکیورٹی انتظامات،کنٹینرز پہنچا دیئے گئے

مظاہرین کو ڈی چوک پہنچنے سے روکنے کیلئے مختلف مقامات پر کنٹینر لگائے جائینگے

داخلی اور خارجی راستوں پر بھی سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی بڑھا دی گئی

اسلام آباد(پینانیوز) پاکستان تحریک انصاف اور جماعت اسلامی کی جانب سے احتجاج کی کال کے بعد اسلام آباد میں سکیورٹی انتظامات سخت کر دیئے گئے۔ڈی چوک سمیت شہر کی اہم شاہراہوں اور حساس مقامات کے راستے بند کرنے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 4)

زرمبادلہ ذخائر ریکارڈ ساڑھے 26ارب ڈالر تک پہنچ گئے

اسٹیٹ بینک کے پاس موجود ذخائر 21 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے

پانچ سال بعد ایک بار پھر تین ماہ کی درآمدات سے زیادہ ڈالر جمع

کراچی (پینانیوز) ملکی زرمبادلہ ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے،تاریخ میں پہلی بار ملکی ڈالر ذخائر 26 ارب ڈالر، اسٹیٹ بینک کے ذخائر 21 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعدادوشمار کے مطابق یوروبانڈ کی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 5)

پنجاب حکومت نے وزیراعلیٰ KPK سہیل آفریدی کو سکیورٹی فراہم کر کے ذمہ داری کا ثبوت دیا،سلمان رفیق

لاہور (پینانیوز) صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے وزیر اعلی خیبر پختونخواہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 7)

اقوام متحدہ پانی کے معاملے پر پاکستان بھارت میں لفظی جھڑپ

پاکستان نے سندھ طاس معاہدے کا معاملہ عالمی فورم پر بھرپور طریقے سے اٹھا دیا

بھارتی سفارتکار کا اعتراضات کاانتہائی مدلل جواب، تمام بھارتی دعوے مسترد کر دیئے

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ملاقات کر رہے ہیں

جنیوا (پینانیوز) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 63ویں اجلاس کے دوران پانی کے معاملے پر پاکستان اور بھارت کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا ہے جہاں پاکستان نے سندھ طاس معاہدے کا معاملہ عالمی فورم پر بھرپور طریقے سے اٹھا دیا ہے۔جنیوا میں اجلاس کے دوران پاکستانی سفارتکار عدیل ممتاز کھوکھر نے پاکستان کا موقف پیش (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 6)

سیلاب خطرہ،وزیراعظم نے پیشگی تیاری کا حکم دیدیا

ہنگامی صورتحال میں متاثرین کو امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے،این ڈی ایم اے کو ہدایت

پاکستانی مصنوعات کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں ،اجلاس سے خطاب

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سے چین کیلئے نامزد پاکستانی سفیر ڈاکٹر سید علی اسد گیلانی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (پینانیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر تمام اداروں کو تیار رہنے کی ہدایت کی ہے۔وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی اور حالیہ مون سون سیزن میں شدید بارشوں اور ممکنہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 24)

منی لانڈرنگ کیس پرویز الٰہی طبیعت کی خرابی کے باعث پیش نہ ہو سکے

لاہور (پینانیوز) سپیشل سینٹرل کورٹ میں ایف آئی اے کی جانب سے سابق وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی، مونس الٰہی اور دیگر کے خلاف (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 25)

میر رضا قتل کیس، تفتیشی افسر نے جوڈیشل کمیشن میں مزید دستاویزات جمع کرا دیں

کراچی (پینانیوز) میر رضا قتل کیس میں تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری نے جوڈیشل کمیشن میں مزید دستاویزات جمع کرادیں۔جوڈیشل کمیشن (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 26)

وزیراعلیٰ KPK نے سرکاری پروٹوکول کی آڑ میں 9 مئی کے بیانیے کو پھر تقویت دینے کی کوشش کی،بلال یاسین

پنجاب میں کسی کو امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے

لاہور (پینانیوز) صوبائی وزیر و کو چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان بلال یاسین نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے لاہور دورے اور سیاسی طرز عمل پر سخت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 27)

پاکستان میں خواتین کے موبائل انٹرنیٹ استعمال کی شرح 45 فیصد ہو چکی، احسن اقبال

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں خواتین کے موبائل انٹرنیٹ استعمال کی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 8)

60 ارب کی سبسڈی دے رہے ہیں تو پیٹرول 60 روپے سستا کر دیں، مفتاح اسماعیل

سبسڈی کے بجائے پیٹرولیم لیوی کم کی جائے، حکومت اپنے اخراجات گھٹائے

کراچی (پینانیوز) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے حکومت کی جانب سے پیٹرول پر 50 سے 60 ارب روپے کی سبسڈی دینے کے فیصلے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 9)

عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہیں معیشت زیادہ ریلیف کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی مصدق ملک سمارٹ لاک ڈاؤن کی کوئی تجویز زیر غور نہیں طارق فضل چوہدری

پٹرولیم بحران: ہفتے میں 4 دن کام 3 دن چھٹی؟ سمارٹ لاک ڈاؤن لگانے پر غور

پٹرولیم قیمتوں میں 100 روپے کے ریلیف سے عام آدمی کو کچھ سہولت ملے گی، عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ امریکا اور ایران کی جنگ کے باعث ہوا،وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

جنگ کے شعلے تھمنے سے دنیا کے غریب لوگوں پر بھی بوجھ کم ہوگا،تمام عوامی نمائندوں کی ڈیوٹی لگائی جارہی ہے کہ وہ عوام کو حکومتی ریلیف کے حوالے سے گائیڈ کریں،وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد بند ہونے نہیں جارہا،کسی بھی جماعت کے رہنماؤں کو عوامی مقامات پر قبضہ نہیں کرنے دینگے،سب سے زیادہ پرتشدد اور انتشار سے بھرا مارچ تحریک انصاف کا ہوتا ہے،میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی گرانی اور قومی اخراجات میں کمی لانے کے لیے حکومتی سطح پر سرکاری و نجی شعبے میں ہفتے میں 4 دن کام اور تین دن چھٹی کا معاملہ زیر غور ہے۔نجی میڈیا کی رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ وفاقی سطح پر سامنے آنے والی اس تجویز کا اطلاق ملک بھر کے سرکاری و نجی دفاتر، اسکولوں، کالجوں اور جامعات پر ہوگا۔اس سلسلے میں مزید بتایا گیا ہے کہ اجلاس میں طے پایا ہے کہ 3 دن ادارے مکمل بند رہیں گے وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہو رہا، 100 روپے کے ریلیف سے کچھ سہولت ملے گی۔وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہو رہا ہے،حکومت عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے، اسی لیے وزیراعظم نے فیول (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 1)

کرپٹ عناصر کے احتساب کیلئے پرعزم ہیں، مریم نواز

جمہوریت کی کامیابی کیلئے باشعور عوام، دیانتدار قیادت اور قانون کی عملداری بنیادی امر ہے

جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے باہمی برداشت، مفاہمت اور پارلیمانی روایات کا تسلسل ناگزیر ہے

لاہور (پینانیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ جمہوریت کی کامیابی کیلئے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیشِ نظر راستے بند کرنے کیلئے بھاری ٹریلر سے کنٹینر اتارا جا رہا ہے

چین یوشی میں فوشیان جھیل کے مغربی کنارے پر واقع سیاحتی مقام کا خوبصورت فضائی منظر

5 سال مسلسل کنٹریکٹ سروس کے بعد ریگولر ملازم پنشن کا حقدار، ہائیکورٹ

کنٹریکٹ سے ریگولر ہونے والے ملازم کی 10 سالہ مسلسل سروس کو پنشن کے لیے شمار کیا جائے

کنٹریکٹ سروس مسلسل نہ ہوتی اور ملازم کو ریگولر کردیا جاتا تو کنٹریکٹ کی سروس شمار نہ کی جاتی

لاہور (پینانیوز) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری ملازمین کی پنشن سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، بارش کے دوران ایک شخص پانی سے گزر رہا ہے

سہیل آفریدی فساد فتنہ تلاش کرتے پھر رہے ہیں، رانا ثنا

پشاور سے کراؤڈ آئیگا ،دہشت گردوں کیلئے اس سے اچھا موقع کہاں ہوگا



اسلام آباد (پینانیوز) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اپنے عہدے کا لحاظ نہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد،وفاقی وزیر شزہ فاطمہ کا رات گئے پمپس کا دورہ

سستا پیٹرول دینے میں ٹال مٹول کرنیوالوں کیخلاف سخت مانیٹرنگ کا حکم

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) شزا فاطمہ نے وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے سلسلے میں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 30)

آزاد کشمیر کے صدر کا انتخاب 24 ستمبر 2026 کو ہوگا

صدارتی انتخاب کیلئے کاغذات نامزدگی 19 ستمبر کو جمع ہوں گے، چیف الیکشن کمشنر

مظفر آباد (پینانیوز) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں وکشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفی مغل کی سینئر ممبر خواجہ محمد احسن اور ممبر سید نظیر الحسن گیلانی کے ہمراہ پریس کانفرنس ۔آزاد جموں وکشمیر کے صدر کے انتخاب کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 23)

وزیر داخلہ سے لبنانی ہم منصب کی ملاقات،اہم امور پر تبادلہ خیال

دونوں ممالک کا سکیورٹی، انسدادِ دہشتگردی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ سکیورٹی تعاون، انسدادِ دہشت گردی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 12)

پیٹرولیم بحران، KP کے تعلیمی اداروں میں ہفتہ وار 2 چھٹیاں

فیصلہ دو ماہ تک نافذ العمل رہے گا،کابینہ کی ہدایت پر محکمہ تعلیم نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

پشاور (پینانیوز) خیبر پختونخوا میں پیٹرولیم بحران کے پیش نظر سرکاری و نجی تعلیمی ادارے جمعہ اور ہفتہ بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا نے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 29)

امیر بالاج قتل کیس،گواہان پیش نہ ہونے پر سماعت 28 ستمبر تک ملتوی

لاہور (پینانیوز) عدالت نے امیر بالاج قتل کیس میں گواہان کے پیش نہ ہونے پر سماعت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 13)

پمز آتشزدگی انتظامیہ کی ناکامی قرار

تحقیقاتی رپورٹ جاری

آگ بجلی کیبل سے لگنے کا قوی امکان تخریب کاری یا آئیسکو فالٹ کے شواہد نہیں ملے

کسی شخص کے خلاف مجرمانہ جرم ثابت نہیں ہوا،نرسری میں فائر الام کا موثر نظام نہیں تھا

اسلام آباد (پینانیوز) اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آگ لگنے کے واقعے پر وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 22)

پنجاب میرا، میں پنجابیوں کا ہوں، سہیل آفریدی یہ عزت کے لائق ہی نہیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کو دوسرے صوبوں سے خطرہ ہے، مجھے پنجاب کے لوگوں سے خطرہ نہیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی کارکنوں سے گفتگو

سہیل آفریدی فرمائشی اور سستی ایکٹنگ کر رہے ہیں،ایک اور ڈرامہ بازی ملاحظہ کریں،خود جا کر پولیس وین میں بیٹھ گئے،وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پنجاب میرا اور میں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 21)

مقامی 2000 سی سی تک ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر عائد سیلز ٹیکس میں کمی

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی حکومت نے مقامی طور پر تیار ہونے والی 2000 سی سی تک ہائبرڈ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)

ڈاکٹر سمیعہ کا دھمکیوں کا بیان مشہوری کی کوشش ہے، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (پینانیوز) وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے میر رضا کیس کی تحقیقات کے سلسلے میں پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 32)

سندھ حکومت نئے صوبوں کے حق میں نہیں، فاروق ستار

اگر بوجھ بانٹا جا رہا ہے تو پیپلز پارٹی کو محسن نقوی کا شکریہ ادا کرنا چاہیے، گفتگو

کراچی (پینانیوز) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ حکومت نئے صوبوں کے حق میں نہیں، نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس سے بچنے کیلئے تبدیلیاں کی جا رہی ہیں۔ ایک انٹرویو میں فاروق ستار کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو تو وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کرنا چاہیے،18 سال میں پیپلز پارٹی نے سندھ میں تباہی مچائی، اب اگر ان کا بوجھ بانٹا جا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 14)

جنرل اسمبلی اجلاس، پاکستان کی فعال شرکت یقینی بنائی جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (پینانیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 15)

پنجاب، تمام واٹر فلٹریشن پلانٹس ڈیجیٹل کوڈز پر منتقل کرنے کا فیصلہ

تمام پلانٹس پر پلانٹ کوڈ، آپریٹر کا نمبر اور ہیلپ لائن بھی درج ہوگی

لاہور (پینانیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور سمیت پنجاب بھر کے تمام واٹر فلٹریشن پلانٹس کو ڈیجیٹل کوڈز پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔صاف پانی اتھارٹی کا اجلاس سی ای او ذوالفقار احمد بھون کی زیر صدارت ہوا جس میں صوبے بھر کے واٹر فلٹریشن پلانٹس کا ڈیٹا ڈیجیٹل ڈیش بورڈ پر منتقل کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 33)

سیکرٹری آر ٹی اے نذر حسین کورائی تونسہ میں ٹرانسپورٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لائسنس معطل کرنے کا فیصلہ

رواں ماہ کمرشل گاڑیوں کے روٹ پرمٹ بھی زد میں، آلودگی پھیلانے والا سامان لے جانیوالی 3 ہزار گاڑیوں کے خلاف ایکشن

خطرناک اوورلوڈنگ پر 5 ہزار 210 ہیوی وہیکلز سمیت مجموعی طور پر ایک لاکھ 54 ہزار 890 گاڑیوں کے چالان کیے گئے

لاہور (پینانیوز) سموگ اور فضائی آلودگی کے خاتمے کیلئے لاہور ٹریفک پولیس نے کارروائیاں مزید (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 16)

سیکرٹری آر ٹی اے نذر حسین کورائی کا تونسہ دورہ

ٹرانسپورٹرز کے اجلاس کی صدارت کی، ٹرانسپورٹ پالیسی متعلق امور پر آگاہی دی

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ڈیرہ غازی خان نذر حسین کورائی نے تونسہ کا دورہ کیا اور ٹرانسپورٹرز کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں انہوں نے حکومت پنجاب کی ٹرانسپورٹ پالیسی، ایکسل لوڈ مینجمنٹ، غیر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 20)

حکومت ریلیف ڈرامہ بند، لیوی کا بھتہ ختم کرے، حافظ نعیم

20 ستمبر کو اسلام آباد مارچ ہوگا، مختلف شہروں میں جاری دھرنے ختم نہیں ہونگے

حکومت نے 25 ارب کا ریلیف دیا ، قوم کو لائنوں میں لگا کر احسان نہیں کیا جا رہا

لاہور (پینانیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت ریلیف کا ڈرامہ بند اور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 34)

ایڈیشنل سیکرٹری یونیورسٹیز ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ زاہدہ اظہر غازی یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ڈیرہ غازیخان، غازی یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ کا 14واں اجلاس

مختلف زیر التوا انتظامی و تدریسی امور پر تفصیلی غور اور اہم معاملات کو حل کیا گیا

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) غازی یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ کا 14واں اجلاس پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن، لاہور کے کمیٹی روم میں ایڈیشنل (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 36)

مصطفی کمال ودیگر کیخلاف ریفرنس، سماعت یکم اکتوبر تک ملتوی

عدالتی نوٹس کی تعمیل نہ ہونے پر متعلقہ ملزمان کو دوبارہ نوٹس جاری کرنے کا حکم

کراچی (پینانیوز) احتساب عدالت میں وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال، افتخار قائمخانی اور دیگر کے خلاف سرکاری پلاٹوں کی منتقلی سے متعلق (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 35)

وزیر تعلیم پنجاب نے سکولز میں کلاسز لینے کا آغاز کر دیا

صوبائی وزیر نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول لدھڑ میں پہلی کلاس لی

لاہور (پینانیوز) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے سرکاری سکولوں میں براہ راست کلاسز لینے کا آغاز کر دیا۔ صوبائی وزیر نے گورنمنٹ گرلز ہائی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 17)

اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کیخلاف پولیس کا کریک ڈاؤن

فائرنگ کرو گے تو سیدھا جیل جاؤ گے، فیصل آباد پولیس کا واضح پیغام

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) سی پی او فیصل آباد تنویر حسین کی ہدایت پر اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تھانہ صدر جڑانوالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کی ویڈیو (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 19)

ڈیرہ غازیخان، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سید جہانگیر علی سنٹرل جیل کا دورہ کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سید جہانگیر علی کا دورہ سنٹرل جیل

جہانگیر علی نے خواتین وارڈ اور مختلف بیرکس اور بلاکس میں جا کر اسیران کے مسائل سنے

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ڈیرہ غازیخان سید جہانگیر علی نے سنٹرل جیل کا دورہ کیا جہاں انہوں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 18)

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY ASIA URDU MULTAN
روزنامہ
[redacted]
ایشیاء اردو
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک
بدھ 16 ستمبر 2026

عام آدمی کو ریلیف دینے کی حکومتی کوشش

وزیراعظم شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں پٹرولیم کی بڑھتی قیمتوں سے عوام پر پڑنے والے اضافی بوجھ کا نوٹس لیتے ہوئے ریلیف سکیم کا اجراء کیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ حکومت کو تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث عوام پر پڑنے والے بوجھ کا مکمل احساس ہے، مشکل کی اِس گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑی استعمال کرنے والوں پر پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے خصوصی سکیم شروع کی جا رہی ہے جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کرنے والوں کو پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف دیا جائے گا، دو اور تین پہیوں والی سواریوں کے لیے ماہانہ 20 لٹر پٹرول پر 100 روپے فی لٹر کے حساب سے دو ہزار روپے جبکہ 800 سی سی تک کی چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ 30 لٹر پٹرول پر 100 روپے فی لٹر کے حساب سے تین ہزار روپے کا ریلیف ملے گا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد کی حدود میں سکیم کا اطلاق پیر اور منگل کی درمیانی شب سے ہوگا جبکہ پورے پاکستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں اِس کا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سے کیا جائے گا۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ خصوصی ریلیف سکیم کے لیے رجسٹریشن کا اجراء اتوار ہی سے کر دیا گیا ہے جبکہ رجسٹریشن کے طریقہ کار سے متعلق عوام کو آگاہی مہم کے ذریعے معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔ شہباز شریف نے موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں سے متعلق معلومات کی فراہمی اور رجسٹریشن کے عمل میں تعاون پر صوبائی حکومتوں کا شکریہ بھی ادا کیا۔ پٹرول پر خصوصی ریلیف سکیم کیلئے جدید ڈیجیٹل نظام فعال کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور ٹیلی کمیونیکیشن نے صوبائی محکموں، نادرا اور ٹیلی کام کمپنیوں کے تعاون سے گاڑیوں کی تصدیق اور سبسڈی کی فراہمی کے لیے خودکار نظام وضع کیا ہے جس کا مقصد مستحق شہریوں تک شفاف انداز میں ریلیف پہنچانا ہے۔ شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے مخصوص ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے۔ رجسٹریشن کے لیے شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، صوبائی کوڈ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ فراہم کرنا ہو گی۔ کامیاب رجسٹریشن کی صورت میں شہری کو تصدیقی پیغام موصول ہوگا۔ رعایتی پٹرول حاصل کرنے کے لیے شہریوں کو پٹرول پمپ جانے سے قبل فیول ٹوکن حاصل کر کے اُسے پٹرول پمپ پر دکھانا ہوگا تاکہ وہ سستا پٹرول حاصل کر سکیں۔ وزیرِ مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) شزا فاطمہ خواجہ نے وفاقی وزراء عطاء تارڑ اور علی پرویز ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ٹارگٹڈ سبسڈی دے رہی ہے اور اُس کی کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ شہری مستفید ہو سکیں۔ وزیرِ اطلاعات عطاء تارڑ کا کہنا ہے کہ وزیرِاعظم نے سکیم کا اجراء مستحق افراد کے لیے کیا ہے، تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے، حکومت نے سبسڈی کی فراہمی کا شفاف طریقہ کار بنایا ہے جبکہ وزیرِاعظم نے تمام وزارتوں اور متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کر دی ہیں جو 24 گھنٹے دستیاب ہوں گے۔ وزیرِ پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ وزیرِاعظم کبھی نہیں چاہیں گے کہ اپنے کسی شہری پر بوجھ ڈالیں، وزیرِاعظم نے پہلے بھی سبسڈی میں وسائل کا انتظام پیشگی کیا تھا۔

مشرقِ وسطیٰ میں گزشتہ چند روز سے بڑھنے والی کشیدگی نے تیل کی عالمی قیمتوں پر براہِ راست اثر ڈالا، چند دنوں میں اِس کی فی بیرل قیمت میں 20 فیصد سے زائد اضافہ ہوگیا جس کی وجہ سے پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ چکی ہیں، یہاں تک کہ امریکہ میں بھی اِس وقت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں اوپر کی سطح پر ہیں، تیل پیدا کرنے والے ممالک بھی قیمتیں بڑھانے پر مجبور ہیں۔ پاکستان اپنی توانائی کی ضرورت کا کم و بیش 90 فیصد حصہ درآمد کرتا ہے جس میں خام اور تیار دونوں طرح کی مصنوعات شامل ہیں۔ تیل کی عالمی قیمتیں یقیناً حکومت کے بس میں نہیں، تاہم وہ ٹیکسوں اور لیوی میں کمی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کر سکتی ہے۔ مذکورہ پروگرام کے تحت حکومت نے کم و بیش 30 ارب ماہانہ مالیت کی ٹارگٹڈ سبسڈی دینے کا اندازہ لگایا ہے۔ حکومت کی طرف سے مستحق افراد کو ریلیف فراہم کیا جانا لائق تحسین ہے تاہم اِس سے محدود افراد ہی کو کچھ ریلیف میسر آسکے گا جبکہ عوام کی بڑی تعداد ریلیف کی توقع رکھتی ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ اپنے اخراجات کم کرے، حکومت نجکاری سمیت دیگر کئی معاملات میں اُس سطح تک کامیاب نہیں ہو سکی جس کی توقع عوام اُس سے کر رہے تھے۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ لیوی پر نظرِ ثانی کرتے ہوئے اِس پر انحصار کے بجائے محاصل کے حصول کے لیے ٹیکس چوری روکے، سینکڑوں ارب سالانہ کا نقصان کرنے والے اداروں کو بند کرے یا اُن کی ہنگامی بنیادوں پر نجکاری پر کرے تاکہ اُس کے اخراجات میں کمی آئے اور اُس سے پیدا ہونے والی مالی گنجائش سے عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بلدیاتی نظام اور نئے صوبے۔ اختیارات عوام کی دہلیز تک کب پہنچیں گے؟

تحریر

محمد طارق خان

پاکستان میں جمہوریت کا ذکر ہو تو قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلیاں فوراً ذہن میں آتی ہیں، لیکن عام شہری کا روزانہ واسطہ ان بڑے ایوانوں سے نہیں بلکہ اپنے محلے، یونین کونسل، تحصیل اور شہر کے انتظام سے پڑتا ہے۔ ٹوٹی ہوئی سڑک، بند سیوریج، گندگی کے ڈھیر، آلودہ پانی، خراب اسٹریٹ لائٹس، تجاوزات، پارک، قبرستان، پیدائش و وفات کا اندراج اور مقامی تعمیراتی منصوبے ایسے معاملات ہیں جن کا مؤثر حل ایک بااختیار بلدیاتی نظام ہی فراہم کر سکتا ہے۔

بدقسمتی سے پاکستان میں جمہوریت کی عمارت کھڑی کرنے کی کوشش تو کی جاتی ہے، مگر اس کی بنیاد یعنی بلدیاتی اداروں کو مستقل، مستحکم اور بااختیار نہیں بنایا جاتا۔

آئین کا واضح حکم

آئین پاکستان کی شق 140-اے صوبائی حکومتوں کو پابند کرتی ہے کہ وہ مقامی حکومتوں کا نظام قائم کریں اور سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات منتخب بلدیاتی نمائندوں کو منتقل کریں۔ بلدیاتی انتخابات کرانے کی ذمہ داری الیکشن کمیشن آف پاکستان پر عائد ہوتی ہے۔

آئینی حکم واضح ہونے کے باوجود بلدیاتی انتخابات اکثر تاخیر کا شکار ہوتے رہے ہیں۔ کبھی نئی قانون سازی، کبھی حلقہ بندیوں، کبھی مردم شماری، کبھی عدالتی کارروائی اور کبھی انتظامی تیاریوں کو وجہ بنایا جاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بڑے شہروں اور دیہی علاقوں کا انتظام طویل عرصے تک منتخب نمائندوں کے بجائے سرکاری افسروں کے ذریعے چلتا رہتا ہے۔

قومی اور صوبائی انتخابات کے لیے تمام سیاسی جماعتیں سرگرم ہوتی ہیں، لیکن بلدیاتی انتخابات کے معاملے میں وہی جوش دکھائی نہیں دیتا۔ اس کی ایک بڑی وجہ اختیارات اور ترقیاتی فنڈز پر کنٹرول ہے۔ اگر بااختیار میئر، چیئرمین اور کونسلر موجود ہوں تو ارکانِ قومی و صوبائی اسمبلی کی گلی، نالی، سڑک اور مقامی ترقیاتی منصوبوں میں مداخلت محدود ہو جائے گی۔

اختیارات کے بغیر نمائندگی بے معنی

صرف بلدیاتی انتخابات کرانا کافی نہیں۔ اگر نمائندے منتخب ہو جائیں لیکن بجٹ، عملہ، منصوبہ بندی اور فیصلوں پر عمل درآمد کا اختیار ان کے پاس نہ ہو تو ایسا نظام محض نمائشی ہوگا۔

ایک مؤثر بلدیاتی حکومت کے لیے تین بنیادی اختیارات ضروری ہیں۔

اول، سیاسی اختیار تاکہ منتخب کونسل مقامی ترجیحات طے کر سکے۔

دوم، انتظامی اختیار تاکہ متعلقہ سرکاری عملہ منتخب مقامی حکومت کے سامنے جواب دہ ہو۔

سوم، مالی اختیار تاکہ بلدیاتی ادارے اپنا بجٹ بنائیں، جائز مقامی محصولات وصول کریں اور ترقیاتی رقم عوامی ضروریات کے مطابق خرچ کر سکیں۔

پاکستان میں اکثر اختیار ایک محکمے، بجٹ دوسرے اور عملہ کسی تیسرے ادارے کے ماتحت ہوتا ہے۔ اس بکھرے ہوئے نظام میں ذمہ داری کا تعین مشکل ہو جاتا ہے اور ہر ادارہ ناکامی کا بوجھ دوسرے پر ڈال دیتا ہے۔

عوام کیا کہتے ہیں؟

ملتان سمیت ملک کے تقریباً ہر شہر کے شہریوں کی شکایات ایک جیسی ہیں۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ انہیں معمولی مسئلے کے حل کے لیے بھی مختلف سرکاری دفاتر کے چکر لگانا پڑتے ہیں۔ کسی کو معلوم نہیں ہوتا کہ ٹوٹی سڑک کی ذمہ داری کس ادارے کی ہے، بند نالی کون کھلوائے گا، کچرا کس نے اٹھانا ہے اور خراب اسٹریٹ لائٹ کے لیے درخواست کہاں دینا ہوگی۔

دکاندار صفائی، پارکنگ اور تجاوزات کے ناقص انتظام کی شکایت کرتے ہیں۔ خواتین محفوظ گلیوں، روشنی، صاف پانی اور قریب تر طبی سہولتوں کا مطالبہ کرتی ہیں۔ نوجوان کھیل کے میدان، کتب خانے، فنی تربیت اور مقامی روزگار چاہتے ہیں۔ دیہی آبادی رابطہ سڑکوں، نکاسیٔ آب، بنیادی مراکزِ صحت، مویشی منڈیوں اور صاف پانی کو اپنی بنیادی ضرورت قرار دیتی ہے۔

لوگوں کا جائز سوال ہے کہ اگر ان کے ووٹ سے وفاقی اور صوبائی حکومتیں منتخب ہو سکتی ہیں تو ان کے اپنے شہر اور محلے کا نظام منتخب نمائندوں کے بجائے مقرر کیے گئے افسروں کے ذریعے کیوں چلایا جاتا ہے؟

افسر شاہی اور منتخب قیادت

سرکاری افسر ریاستی انتظام کے لیے ضروری ہیں۔ ان کی تربیت، تجربہ اور قانونی ذمہ داریاں اہم ہیں، لیکن کوئی افسر عوام کے براہِ راست ووٹ سے منتخب نہیں ہوتا۔ اس کا کسی بھی وقت تبادلہ ہو سکتا ہے اور ضروری نہیں کہ وہ علاقے کی سماجی، ثقافتی اور جغرافیائی ضروریات سے مکمل واقف ہو۔

اس کے مقابلے میں منتخب کونسلر یا چیئرمین اسی آبادی میں رہتا ہے۔ شہری اس تک براہِ راست پہنچ سکتے ہیں اور اگلے انتخابات میں اس سے کارکردگی کا حساب بھی لے سکتے ہیں۔ بہتر نظام یہ ہوگا کہ مقامی پالیسی اور ترجیحات منتخب قیادت طے کرے، جبکہ سرکاری افسر قانون اور فنی اصولوں کے مطابق ان فیصلوں پر عمل درآمد کرائیں۔

چھوٹے صوبے اور متوازن اختیارات

بلدیاتی نظام کے ساتھ پاکستان میں نئے اور نسبتاً چھوٹے صوبوں کی تشکیل پر بھی سنجیدہ قومی مکالمہ ضروری ہے۔ پنجاب 2023 کی مردم شماری کے مطابق تقریباً 12 کروڑ 77 لاکھ آبادی کا صوبہ ہے۔ اتنی بڑی آبادی کے انتظام، ترقیاتی ضروریات اور علاقائی فرق کو صرف لاہور میں قائم ایک صوبائی مرکز سے مکمل طور پر سمجھنا اور سنبھالنا آسان نہیں۔

پاکستان ادارۂ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان ڈویژنوں کی مجموعی آبادی چار کروڑ سے زیادہ بنتی ہے۔ یہ آبادی دنیا کے متعدد ممالک سے بھی زیادہ ہے۔ اس لیے جنوبی پنجاب یا ملتان کو مرکز بنا کر الگ صوبہ قائم کرنے کا مطالبہ محض جذباتی یا لسانی نعرہ نہیں، بلکہ اسے انتظامی سہولت، مقامی نمائندگی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے تناظر میں بھی دیکھنا چاہیے۔

اگر ملتان کو جنوبی پنجاب کے نئے صوبے کا دارالحکومت بنایا جائے تو بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، مظفرگڑھ، لیہ، راجن پور، وہاڑی، خانیوال، لودھراں اور رحیم یار خان جیسے علاقوں کے لوگوں کو صوبائی اداروں تک نسبتاً آسان رسائی مل سکتی ہے۔ محکمہ صحت، تعلیم، زراعت، آب پاشی، منصوبہ بندی، پولیس اور مالی امور سے متعلق فیصلے علاقے کے قریب کیے جاسکیں گے۔

اس سے لاہور پر انتظامی دباؤ کم ہونے، جنوبی پنجاب کی ضروریات کے مطابق بجٹ بنانے، مقامی نوجوانوں کو سرکاری اور انتظامی مواقع ملنے اور علاقائی منصوبوں کی بہتر نگرانی کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔

تاہم صرف نیا صوبہ بنانا تمام مسائل کا خودکار حل نہیں۔ اگر نئے صوبے میں بھی تمام اختیارات دارالحکومت تک محدود رہے اور یونین کونسل، تحصیل اور ضلع بے اختیار ہوں تو محرومی صرف ایک مرکز سے دوسرے مرکز میں منتقل ہو جائے گی۔ اس لیے نئے صوبوں کے ساتھ مضبوط بلدیاتی حکومتیں قائم کرنا بھی لازمی ہوگا۔

آئینی طریقۂ کار

نئے صوبے کا قیام محض حکومتی اعلان سے ممکن نہیں۔ آئین کی شق 239 کے تحت صوبائی حدود میں تبدیلی کے لیے آئینی ترمیم ضروری ہے۔ ایسی ترمیم کو قومی اسمبلی اور سینیٹ میں مطلوبہ دو تہائی اکثریت کے ساتھ منظور ہونا ہوتا ہے۔ جس صوبے کی حدود تبدیل کی جا رہی ہوں، اس صوبے کی اسمبلی سے بھی کم از کم دو تہائی اکثریت کی منظوری درکار ہوتی ہے۔

اس لیے جنوبی پنجاب یا ملتان صوبے کی تشکیل کے لیے سیاسی جماعتوں، پارلیمان، پنجاب اسمبلی اور متعلقہ علاقوں کے عوام کے درمیان وسیع اتفاقِ رائے ضروری ہے۔ نئے صوبے کی حدود، دارالحکومت، اثاثوں، سرکاری ملازمین، پانی، قرضوں، محصولات، اسمبلی نشستوں اور مالی حصے کا فیصلہ واضح آئینی اور قانونی اصولوں کے تحت ہونا چاہیے۔

ملتان کی بلدیاتی تاریخ اور نمایاں شخصیات

ملتان کی بلدیاتی تاریخ میں کئی ایسی شخصیات سامنے آئیں جنہوں نے مقامی حکومت سے اپنا سیاسی اور عوامی سفر شروع کیا یا شہری انتظام کی ذمہ داریاں سنبھالیں۔

سید یوسف رضا گیلانی 1983 سے 1985 تک ملتان کی مقامی قیادت سے وابستہ رہے۔ ان کے سیاسی سفر کی بنیاد بھی بلدیاتی سیاست سے پڑی اور بعد میں وہ وفاقی وزیر، قومی اسمبلی کے اسپیکر، وزیراعظم اور چیئرمین سینیٹ کے منصب تک پہنچے۔ ان کا سفر اس حقیقت کی نمایاں مثال ہے کہ بلدیاتی ادارے قومی قیادت کی تربیت گاہ بن سکتے ہیں۔

ملک صلاح الدین ڈوگر 1987 سے 1991 تک ملتان کے میئر رہے۔ وہ بعد میں قومی سیاست میں بھی نمایاں ہوئے۔ ان کے دور کا ذکر ملتان کی منتخب شہری قیادت کے تسلسل میں اہم مقام رکھتا ہے۔

شیخ طارق رشید نے 1998 سے 2001 تک ملتان کی بلدیاتی قیادت سنبھالی۔ بعد میں وہ قومی اسمبلی کے رکن بھی رہے۔ ان کا سیاسی سفر بھی اس بات کی مثال ہے کہ مقامی حکومت سے وابستہ قیادت کس طرح قومی سطح تک پہنچ سکتی ہے۔

مخدوم شاہ محمود قریشی نے 2001 سے 2002 کے دوران ملتان کی ضلعی حکومت کی قیادت کی۔ بعد میں وہ وفاقی وزیر اور وزیرِ خارجہ رہے۔ اگرچہ ان کی بلدیاتی مدت مختصر تھی، لیکن ان کا نام بھی ملتان کے مقامی حکومتی نظام کی تاریخ کا حصہ ہے۔

پیر ریاض حسین قریشی نے 2002 سے 2005 تک سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ملتان کی قیادت کی۔ یہ وہ دور تھا جب ضلع، تحصیل اور یونین کونسل کی سطح پر اختیارات کی منتقلی کے نئے نظام کو عملی شکل دینے کی کوشش کی جا رہی تھی۔

میاں فیصل مختار 2005 سے 2010 تک ملتان کے ضلع ناظم رہے۔ ان کے دور میں شہری اور ضلعی ترقیاتی منصوبے بلدیاتی حکومت کے ذریعے چلائے گئے، تاہم ترقیاتی فنڈز کی تقسیم اور سیاسی اختلافات پر اعتراضات بھی سامنے آئے۔ یہ تجربہ یاد دلاتا ہے کہ اختیار کے ساتھ شفافیت، مساوی تقسیم اور مؤثر احتساب بھی ضروری ہے۔

چوہدری نوید الحق آرائیں 2016 سے 2021 تک ملتان کے میئر رہے۔ ان کے دور میں صفائی، کوڑا اٹھانے، شہری سہولتوں اور میونسپل کارپوریشن کے اختیارات جیسے معاملات نمایاں رہے۔ محدود مالی و انتظامی اختیارات کی شکایت نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ صرف میئر منتخب کر دینا کافی نہیں؛ اسے کام کرنے کے لیے بجٹ، عملہ اور قانونی اختیار بھی دینا ہوگا۔

ملتان کی اس تاریخ میں مخدوم سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی اور مخدوم سید ولایت حسین شاہ جیسے نام بھی ملتے ہیں، جنہوں نے ماضی میں میونسپل اور ضلعی سطح کی قیادت کی۔ مخدوم سید رجن بخش گیلانی کو ملتان کے ابتدائی مسلمان میئروں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ان شخصیات کا ذکر بتاتا ہے کہ ملتان میں بلدیاتی قیادت کی روایت نئی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔

ان تمام شخصیات کی سیاسی وابستگیاں اور کارکردگی پر مختلف آرا ہو سکتی ہیں، لیکن ان کے بلدیاتی ادوار سے ایک مشترک سبق ملتا ہے: جب مقامی حکومت موجود ہوتی ہے تو شہریوں کو کم از کم ایک منتخب قیادت دکھائی دیتی ہے جس سے سوال کیا جا سکتا ہے۔ جب پورا نظام افسروں کے سپرد ہو تو عوام کے ووٹ اور شہری انتظام کے درمیان تعلق ٹوٹ جاتا ہے۔

ملتان کو کس نظام کی ضرورت ہے؟

ملتان ایک تاریخی مگر تیزی سے پھیلتا ہوا شہر ہے۔ نئی آبادیاں وجود میں آ رہی ہیں، ٹریفک بڑھ رہی ہے، زرعی زمین رہائشی منصوبوں میں تبدیل ہو رہی ہے اور پانی، سیوریج، صفائی اور نکاسی کے مسائل سنگین ہوتے جا رہے ہیں۔ پرانا شہر، مضافاتی بستیاں اور نئی رہائشی آبادیاں ایک جیسی ضروریات نہیں رکھتیں۔

ملتان کے لیے ایک بااختیار میٹروپولیٹن حکومت درکار ہے جس کے تحت پانی، نکاسی، صفائی، ٹریفک منصوبہ بندی، پارکنگ، تجاوزات، پارک، شہری درخت، تاریخی عمارتیں اور زمین کے استعمال سے متعلق ذمہ داریاں واضح ہوں۔ ہر یونین کونسل میں عوامی شکایات کا مرکز قائم کیا جائے اور شہری اپنی درخواست کے اندراج سے مسئلے کے حل تک تمام کارروائی دیکھ سکیں۔

بڑے شہر کے میئر کا براہِ راست انتخاب بھی زیرِ غور آنا چاہیے۔ جب پورا شہر میئر کو ووٹ دے گا تو اسے واضح عوامی اختیار حاصل ہوگا۔ تاہم اس کے ساتھ ایک مضبوط منتخب کونسل، مالی نگرانی، آزاد جانچ اور عوامی احتساب کا نظام بھی ہونا چاہیے۔

شفافیت اور مالی خود مختاری

بلدیاتی اداروں کو اختیار دیتے وقت بدعنوانی کے خدشات نظرانداز نہیں کیے جا سکتے، لیکن اس کا حل اختیارات روکنا نہیں بلکہ شفاف نظام قائم کرنا ہے۔

ہر بلدیاتی ادارے کا بجٹ، آمدن، اخراجات، ٹھیکے، منصوبوں کی لاگت اور تکمیل کی مدت عوام کے سامنے ہونی چاہیے۔ ترقیاتی منصوبے کے مقام پر اس کی لاگت، ٹھیکے دار، آغاز اور تکمیل کی تاریخ درج کی جائے۔ کونسل کے اجلاس عوام اور ذرائع ابلاغ کے لیے کھلے ہوں اور میئر یا چیئرمین ہر چھ ماہ بعد کارکردگی رپورٹ پیش کرے۔

صوبائی مالیاتی کمیشن کے ذریعے اضلاع، تحصیلوں اور یونین کونسلوں کو آبادی، رقبے، پسماندگی اور بنیادی ضرورت کے مطابق حصہ دیا جائے۔ اسی طرح نئے صوبے قائم ہوں تو قومی مالیاتی وسائل کی تقسیم بھی شفاف اور متفقہ اصولوں کے تحت ہو۔

میری رائے

پاکستان میں بہتر حکمرانی کے لیے صرف ایک اصلاح کافی نہیں۔ ملک کو بیک وقت انتظامی طور پر مناسب حجم کے صوبوں اور بااختیار بلدیاتی اداروں کی ضرورت ہے۔

جنوبی پنجاب یا ملتان صوبہ قائم ہونے سے انتظامی مرکز عوام کے قریب آ سکتا ہے، علاقائی نمائندگی میں اضافہ اور ترقیاتی بجٹ کی بہتر نگرانی ممکن ہو سکتی ہے۔ مگر صوبہ بننے کے بعد اختیارات ملتان میں جمع کر دینا بھی درست نہیں ہوگا۔ ملتان سے آگے اختیار ضلع، تحصیل، یونین کونسل اور محلے تک منتقل ہونا چاہیے۔

ارکانِ قومی اسمبلی کو قومی قانون سازی، خارجہ پالیسی اور وفاقی معاملات پر توجہ دینی چاہیے۔ صوبائی ارکان کو صوبائی قانون سازی، صحت، تعلیم، زراعت اور بڑے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کرنی چاہیے، جبکہ گلی، نالی، پانی، صفائی، پارک اور مقامی سڑکیں منتخب بلدیاتی نمائندوں کے دائرۂ اختیار میں ہونی چاہییں۔

نئے صوبوں کی تشکیل کسی علاقے کو کمزور کرنے کے بجائے انتظامی سہولت، متوازن ترقی اور عوامی شرکت کا ذریعہ بن سکتی ہے، بشرطیکہ فیصلہ سیاسی مصلحت کے بجائے آبادی، فاصلے، معیشت، ثقافتی شناخت، انتظامی صلاحیت اور عوامی رضامندی کی بنیاد پر کیا جائے۔

جمہوریت صرف پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کا نام نہیں۔ حقیقی جمہوریت اس وقت وجود میں آتی ہے جب اختیار وفاق سے صوبے، صوبے سے ضلع، ضلع سے یونین کونسل اور یونین کونسل سے شہری کی دہلیز تک پہنچے۔ پاکستان کو نمائشی نہیں بلکہ منتخب، مستقل، بااختیار، مالی طور پر مستحکم اور جواب دہ بلدیاتی نظام درکار ہے۔

اپنا گھر خواب سے حقیقت تک

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

اپنا گھر انسان کی بنیادی ضرورت ہی نہیں، اس کی عزتِ نفس، ذہنی سکون اور مستقبل کے تحفظ کی علامت بھی ہے۔ اسی لیے تو گھر کو جنت کہتے ہیں۔ پاکستان میں ایک عام آدمی جب ملازمت یا کاروبار شروع کرتا ہے تو اس کی بڑی خواہشات میں ایک خواہش یہ ضرور ہوتی ہے کہ زندگی میں کسی نہ کسی طرح اپنی چھت بنا لے۔ مگر ہوش ربا مہنگائی، زمین کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، تعمیراتی اخراجات اور محدود آمدن نے متوسط طبقے کے لیے یہ خواب تقریباً ناممکن بنا دیا ہے۔ یہ طبقہ ساری عمر کرائے کے مکان میں رہنے پر مجبور ہے۔ ایک سرکاری ملازم ہو، استاد ہو، کلرک ہو، نرس ہو، چھوٹا تاجر ہو یا نجی ادارے کا ملازم، بیشتر لوگ ساری عمر کرایہ دیتے دیتے ریٹائر ہو جاتے ہیں مگر اپنی چھت کا خواب پورا نہیں کر پاتے۔

ایسے ماحول میں حکومت کی جانب سے کم آمدن اور متوسط طبقے کے لیے سستی رہائش کو ترجیح دینا بلاشبہ قابل تحسین اقدام ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ”اپنا گھر“ اسکیم اسی سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ اپریل 2026 میں اس پروگرام کے آغاز کے وقت 20 سال تک کی مدت کے لیے 10 ملین روپے تک کے قرضوں کا اعلان کیا گیا تھا، جبکہ حکومت نے آئندہ چار برسوں میں پانچ لاکھ گھروں کی فنانسنگ کا ہدف بھی مقرر کیا۔

اس پروگرام کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ستمبر 2026 تک 147,504 درخواستیں موصول ہو چکی تھیں، جن میں سے 53,127 منظور کی گئیں، جبکہ 8,739 افراد کو 45.43 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں۔ وزیراعظم نے اب صوبائی چیف سیکرٹریوں کو ایسی جائیدادوں کا جامع سروے کرنے کی ہدایت بھی کی ہے جنہیں گھر بنانے کے خواہش مند افراد کے لیے قرضوں کے حصول میں استعمال کیا جا سکے۔ یہ پیش رفت اور اعداد و شمار حوصلہ افزا ضرور ہیں، مگر اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب ”اپنا گھر“ محض قرض لینے کی اسکیم نہ رہے بلکہ عام آدمی کے لیے واقعی اپنی چھت حاصل کرنے کا قومی پروگرام بن جائے۔

اس سلسلے میں حکومت کو ایک قدم آگے بڑھ کر متوسط اور نچلے متوسط طبقے کے لیے خود بھی خصوصی رہائشی کالونیاں تعمیر کرنی چاہییں۔ ان مکانات یا فلیٹس کی ادائیگی کم از کم بیس سال کی آسان اقساط میں رکھی جائے اور ماہانہ قسط اتنی ہو جو ایک عام خاندان کی آمدن کے تناسب سے قابل برداشت ہو۔ اگر کوئی شخص آج تیس یا چالیس ہزار روپے کرایہ ادا کر رہا ہے تو اسے اسی کے قریب رقم میں اپنے گھر کی قسط ادا کرنے کا موقع مل جائے تو وہ کرایہ دار سے مالک بن سکتا ہے۔

یہاں حکومت کے لیے ایک اور قابل عمل راستہ کثیر المنزلہ ہاؤسنگ کالونیاں ہیں۔ بڑے شہروں میں زمین انتہائی مہنگی ہے۔ ہر خاندان کے لیے الگ پلاٹ فراہم کرنا نہ صرف مہنگا بلکہ شہری منصوبہ بندی کے اعتبار سے بھی مشکل ہے۔ اس کے مقابلے میں کئی منزلہ عمارات تعمیر کر کے کم رقبے میں زیادہ خاندانوں کو باعزت رہائش فراہم کی جا سکتی ہے۔ البتہ یہ عمارات محض کنکریٹ کے ڈبے نہ ہوں بلکہ جدید شہری سہولتوں سے آراستہ مکمل رہائشی بستیاں ہوں۔

ہر ہاؤسنگ کالونی میں اسکول، بنیادی مرکز صحت، مسجد، پارک، کھیل کا میدان، مارکیٹ، صاف پانی، سیوریج، بجلی، سولر سہولت اور پبلک ٹرانسپورٹ کا مناسب انتظام ہونا چاہیے۔ آخر گھر صرف چار دیواروں کا نام نہیں؛ اگر شہری کو بچوں کے اسکول، علاج اور روزگار کے لیے روزانہ کئی گھنٹے سفر کرنا پڑے تو سستی رہائش کا مقصد ادھورا رہ جائے گا۔

اس پروگرام میں میرٹ اور شفافیت سب سے بنیادی شرط ہونی چاہیے۔ حکومت کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ہاؤسنگ اسکیمیں سیاسی وابستگی، سفارش یا اثر ورسوخ رکھنے والوں کے لیے مراعات کا ذریعہ نہ بنیں۔ مکان کی فراہمی کے لیے درخواست گزار کی آمدن، خاندان کے افراد، پہلے سے موجود جائیداد اور رہائش کی حقیقی ضرورت کو بنیاد بنایا جائے۔ درخواست سے لے کر الاٹمنٹ تک تمام مراحل ڈیجیٹل اور قابل نگرانی ہوں، جبکہ قرعہ اندازی کی صورت میں بھی مکمل شفافیت اختیار کی جائے۔

رہائشی مکانات کی الاٹمنٹ میں سرکاری ملازمین کو ترجیح دینا مناسب ہو سکتا ہے کیونکہ استاد، پولیس اہلکار، نرس، کلرک اور دیگر ملازمین اپنی پوری زندگی ریاستی اور عوامی خدمت میں گزار دیتے ہیں، انہیں رہائشی سہولت ضرور ملنی چاہیے۔ لیکن اس پروگرام کا دائرہ نجی شعبے کے ملازمین، چھوٹے کاروباری افراد اور حقیقی مستحق خاندانوں تک بھی پھیلایا جانا چاہیے۔ پاکستان میں ہاؤسنگ کا مسئلہ اتنا بڑا ہے کہ اسے کسی ایک طبقے تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔

حکومت کے پاس موجود غیر استعمال شدہ سرکاری اراضی بھی اس مقصد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ اگر مختلف شہروں میں سرکاری اداروں کی فاضل زمین کو شفاف طریقے سے کم لاگت کی ہاؤسنگ کے لیے مختص کیا جائے تو مکان کی مجموعی قیمت میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ اسی طرح نجی شعبے کو بھی مراعات دے کر کم قیمت رہائشی منصوبوں میں شریک کیا جا سکتا ہے۔ حکومت پہلے ہی تعمیراتی شعبے میں نجی سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی حوصلہ افزائی کی سمت میں کام کر رہی ہے، جسے مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

ایک اور اہم ضرورت تعمیراتی لاگت کم کرنا ہے۔ اگر حکومت بڑے پیمانے پر تعمیراتی سامان خریدنے کے لیے اجتماعی خریداری کا نظام بنائے، مقامی صنعت کو مراعات دے اور معیاری مگر کم لاگت تعمیراتی ڈیزائن متعارف کرائے تو مکان کی قیمت مزید کم ہو سکتی ہے۔ اس کے ساتھ سولر پینلز، توانائی بچانے والی تعمیر اور بارش کے پانی کے بہتر استعمال کو بھی منصوبے کا حصہ بنایا جانا چاہیے تاکہ گھر ملنے کے بعد بجلی اور پانی کے اخراجات بھی کم رہیں۔

یہ بھی خوش آئند ہے کہ حکومت نے کم لاگت ہاؤسنگ فنانس کے لیے مالی معاونت کا سلسلہ آگے بڑھایا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو دی گئی بریفنگ کے مطابق موجودہ ہاؤسنگ فنانس پروگرام کا مقصد کم اور متوسط آمدن والے خاندانوں کو گھر کا مالک بنانا اور تعمیراتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ ضرورت صرف یہ ہے کہ اس پورے عمل میں رفتار، شفافیت اور تسلسل برقرار رہے۔ قرض منظور ہونے اور رقم ملنے کے درمیان غیر ضروری تاخیر، بینکوں کی پیچیدہ شرائط، کاغذی کارروائی اور جائیداد کے قانونی مسائل عام آدمی کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن سکتے ہیں۔ حکومت کو ”ایک ونڈو“ نظام متعارف کرانا چاہیے جہاں شہری کو قرض، نقشہ، منظوری، رجسٹری اور دیگر معاملات کے لیے مختلف دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔

اگر ”اپنا گھر“ پروگرام اس انداز میں آگے بڑھتا ہے تو اس کے فوائد صرف ہاؤسنگ تک محدود نہیں رہیں گے۔ لاکھوں گھروں کی تعمیر سے سیمنٹ، سریا، اینٹ، ٹائل، لکڑی، فرنیچر، بجلی، پلمبنگ اور تعمیراتی مزدوری سمیت درجنوں شعبوں میں روزگار پیدا ہوگا۔ یوں ایک گھر کی تعمیر دراصل معیشت کے کئی پہیوں کو حرکت دے گی۔

وزیراعظم کا یہ اقدام اس لیے بھی قابل ستائش ہے کہ اپنی چھت کسی شہری کے لیے محض جائیداد نہیں، زندگی بھر کی محنت کا حاصل ہوتی ہے۔ جس دن ایک کرایہ دار کو اپنے گھر کی چابی ملتی ہے، اس دن اس کے خاندان کو صرف ایک مکان نہیں ملتا، اسے مستقبل کا اطمینان، بچوں کے لیے تحفظ اور زندگی میں ایک مستقل سہارا ملتا ہے۔ دیکھا جائے تو حکومت نے سمت درست اختیار کی ہے؛ اب اسے رفتار اور شفافیت کے ساتھ منزل تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ اگر پاکستان کے لاکھوں متوسط اور کم آمدن والے خاندانوں کو بیس سال کی قابل برداشت اقساط، میرٹ پر مبنی الاٹمنٹ اور بنیادی سہولتوں سے آراستہ گھروں کی فراہمی ممکن ہوگئی تو یہ محض ایک حکومتی اسکیم نہیں بلکہ ایک سماجی انقلاب ہوگا۔

اے ماؤ، بہنو، بیٹیو دنیا کی عزت تم سے ہے!

حرف و سخن

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

fouzia.teaching@gmail.com

عورت کا استحصال صرف جسمانی تشدد یا گھریلو ظلم کا نام نہیں ہے، استحصال ایک وسیع تصور ہے جس میں کسی انسان کے حقوق، آزادی، محنت، جسم، جذبات، صلاحیتوں یا وسائل سے ناانصافی کے ساتھ فائدہ اٹھانا شامل ہے۔ عورت کے معاملے میں یہ استحصال کبھی روایت کے نام پر، کبھی معاشرتی عزت کے نام پر، کبھی غربت کے باعث اور کبھی مردانہ بالادستی کے نظام کے ذریعے سامنے آتا ہے۔ عورت کے استحصال سے مراد کسی مرد یا طبقے کی کمزور مجبوری یا انحصار سے فائدہ اٹھانا بھی ہو سکتا ہے۔ غریب خاندان کی لڑکیوں کے ساتھ اکثر ان کی مرضی انسانی وقار کے برخلاف کسی ایسے رویے یا نظام کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو اس کے بنیادی حقوق کو محدود کر دے ایسا ہی ایک واقعہ چند دن پہلے میرے مشاہدے میں آیا یہ ایک بوڑھی گھر کی ملازمہ کی بیٹی کے ساتھ گذرا ہے اس کی بیٹی سکول میں نویں یا دسویں جماعت میں پڑھتی تھی اس کی بوڑھی ماں بہت شوق سے اس کی تعلیم پر توجہ دے رہی تھی بچی کے والد مالی کا کام کرتے اور یوں ان کی گزر بسر ہو رہی تھی۔ ان کی بچی کو گرمیوں کی چھٹیاں ہوئیں تو لڑکی کے والد کے دوست جو کسی کے گھر میں مالی کا کام کرتے تھے انہیں کہا کہ آپ کی بچی آج کل فارغ ہے تو میں اسے کسی گھر میں نوکری دلوا دوں۔ ایک گھر میں ملازمہ کی ضرورت ہے انہیں صبح 8 بجے سے 5 بجے تک کام کرنے کے لئے ملازمہ چاہیے۔ لوگ بہت اچھے اور سلجھے ہوئے ہیں آپ کی بیٹی کا خیال رکھیں گے۔ ان کے گھر میں کچھ رشتہ دار انگلینڈ سے آئے ہیں انہوں نے بیٹے کی شادی کرنی ہے۔ لڑکی ڈھونڈ رہے ہیں جیسے ہی مل گئی بیٹے کی شادی کر کے واپس چلے جائیں گے۔ شوہر نے اپنی بیٹی اور بیوی سے مشورہ کیا دونوں راضی ہوگئیں۔ اب ان کی بچی صبح 8 بجے جاتی اور واپس 5 بجے گھر آجاتی۔ ایک دن بچی نے ماں کو بتایا کہ وہ مجھے ایک کمرے میں زبردستی بھیج دیتے ہیں جہاں ایک لڑکا بظاہر بیمار سا لگتا ہے ہر وقت بستر پر لیٹا رہتا ہے اس کی ماں مجھے مجبور کرتی ہے کہ جاؤ میرے بیٹے کے پاس بیٹھ جاؤ اور اس کے ساتھ گپ شپ لگاؤ وہ یہاں جب سے آیا ہے بور ہو رہا ہے۔ تم پڑھی لکھی ہو سمجھدار ہو، خوبصورت ہو، تمہارے لئے تو کوئی مشکل نہیں ہے۔ میں گھبراتی رہی مگر وہ مجھے زبردستی اس کے کمرے میں بھیج دیتے ہیں۔ ایک دن انہیں مہمانوں نے ملازمہ لڑکی کے والدین کو خاص طور پر بلوایا اور ان سے کہا کہ ہمیں آپ کی لڑکی بہت پسند آئی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ اس کی شادی ہمارے بیٹے سے ہو جائے۔ یہ پڑھی لکھی ہے، خوبصورت ہے اور بات چیت کرنے میں بھی بہت اچھی ہے جو کمی بیشی ہے انگلینڈ جائے گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ لڑکی کے ماں باپ غریب تھے اس رشتے کے بارے میں سن کر بے حد خوش ہوئے اور ان کے بیٹے کو دیکھنے لڑکی کے سب بہن بھائی گاؤں سے ان کے گھر پہنچے سب کی خوب مہمان نوازی کی گئی جب انہوں نے لڑکے کو دیکھنے پر اصرار کیا تو وہ کہنے لگے ہمارے بیٹے کی کمر میں شدید درد ہے۔ ڈاکٹر نے اٹھنے سے منع کر رکھا ہے آپ سب اُس کے بیڈروم میں ہی جا کر مل لیں۔ سب بہن بھائی ان کے بیٹے سے اس کے کمرے ہی میں مل کر خوشی خوشی گھر چلے گئے۔

چند دن میں بچی کی شادی کی تاریخ طے ہوگئی یوں اس بچی کی شادی خوب دھوم دھام سے ہوگئی، مگر دولہا نے شادی والے دن بھی کمر کا بہانہ لگایا اور ویل چیئر پر ہی شادی کے پنڈال میں پہنچا۔ لڑکی بے حد خوش تھی دولت، زیور، گاڑیاں، کپڑے سب کچھ تو اسے مل گیا تھا شادی کی منہ دکھائی پر اسے قیمتی موبائل تحفہ میں دیا گیا۔ بچی کو اس کے شوہر نے بتایا کہ میری ٹانگیں ناکارہ ہیں مگر دولہا نے اسے انگلینڈ کے حسین خواب دکھائے اور یوں وہ معذور شوہر کے ساتھ جانے کے لئے تیار ہوگئی۔

کچھ عرصہ میں اس کا ویزا لگ گیا اور وہ انگلینڈ روانہ ہو رہی تھی اس کے غریب ماں باپ سمجھ رہے تھے کہ ہماری بیٹی کی قسمت چمک اُٹھی ہے وہ عیش کرنے لگی ہے بڑی بڑی گاڑیوں میں بیٹھ کر وہ ماں باپ کے گھر آتی اور پھر واپس چلی جاتی۔ آخر وہ انگلینڈ چلی گئی ماں باپ نے خوشی خوشی رخصت کیا۔ انگلینڈ سے کبھی کبھی اس کا فون آجاتا دو سال گزر گئے پھر اللہ نے اسے خوبصورت بیٹے سے نواز دیا۔ شادی کے دو سال بعد انگلینڈ سے سب پاکستان آگئے۔ لڑکی نے اپنے ماں باپ کو بتایا کہ جس کے ساتھ آپ نے میری شادی کی تھی وہ دماغی طور پر بھی ٹھیک نہ تھا۔ اس کے ساس سسر اسے یہی کہتے کہ وہ بالکل ٹھیک ہے تم غلط کہہ رہی ہو۔ پاکستان آنے کے بعد انہوں نے بچی کو ماں باپ کے گھر چھوڑنے کی بجائے اسے ہوٹل کے کمرے میں بچے کے ساتھ رکھا مگر خود کسی اور ہوٹل میں ٹھہرے۔ ایک دن انہوں نے اسے بتایا کہ تمہارے ویزا کے لئے مسئلہ ہوگیا ہے تمہیں کچھ کاغذات پر اپنے دستخط کرنا پڑیں گے انہوں نے اکیلے میں اس سے کاغذات پر سائن کروالئے پھر اس کی غیر موجودگی میں اس کے اٹیچی کیس میں سے اس کا پاسپورٹ اور اس کے بیٹے کا پاسپورٹ غائب کر دیا گیا۔ ایک دن اس کی دادی اس کے بیٹے کو اپنے پاس لے کر گئیں اور پھر وہ کبھی واپس نہ آیا اور نہ تو وہ کسی بھی ہوٹل میں نظر آئے وہ بچے کو لے کر کہیں غائب ہو گئے وہ کہاں گئے اسے کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ دو سال کے معصوم بچے کو اس کی ماں سے جدا کر دیا۔ بچے کی ماں کے آنسو دیکھے نہیں جاتے وہ کہتی ہے میرے پاس پیسے نہیں کہ میں وہاں خود جا سکوں اگر میں انگلینڈ جاؤں تو میں ضرور ان کا سراغ لگا لوں گی مگر کون اس کی مدد کرے گا کون ان لوگوں کو پکڑے گا کون کسی غریب کی مدد کو آئے گا آپ اس استحصال کو کیا کہیں گے اس کے والدین بھی دکھ کی تصویر بنے بیٹھے ہیں۔ لڑکی کی ماں کے آنسو رو کے نہیں رکتے۔ لڑکے والوں نے اپنے پاگل اور اپاہج بیٹے کا اکلوتا وارث کس طرح حاصل کر لیا ہے۔ عورت کے جذبات سے کھیلنا، محبت، رشتے، اولاد سب حساس معاملات ہی تو ہیں۔ بعض لوگ انہی جذبات کو عورت پر دباؤ ڈالنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو ماں سے چھین لینا یہ نفسیاتی استحصال کا خطرناک پہلو ہے دو ماؤں کے زخم کون دیکھے گا اور کون محسوس کرے گا ماں کی ممتا کا دکھ جس سے دو سال کا بچہ چھین لیا گیا ہو صرف اپنی وراثت کے لئے کیونکہ اس بچے کی ماں ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی تھی۔ کچھ عرصہ گزرنے کے بعد لڑکے کے والوں نے بچی کو انگلینڈ سے طلاق بھیج دی تھی۔ دونوں ماں بیٹیاں اپنی گزر بسر کے لئے آج بھی سمن آباد کے علاقے میں گھروں میں کام کر رہی ہیں۔ ایسے واقعات کیا ایسے واقعات سے نپٹنے کے لئے پاکستان میں کوئی قانون ہے۔ خاص طور پر غریب ماں باپ کی بچیوں کے لئے۔

دنیا بدل رہی ہے پاکستان کہاں کھڑا ہے

نوید سحر

shamsgondal@yahoo.com

کبھی تاریخ کروٹ لیتی ہے تو کوئی گھنٹی نہیں بجتی۔ صرف اتنا ہوتا ہے کہ طاقت کے مراکز آہستہ آہستہ اپنی جگہ بدلنا شروع کر دیتے ہیں۔ کل جو ممالک دنیا کے فیصلے لکھتے تھے آج انہیں نئے سوالوں کے جواب دینا پڑ رہے ہیں۔ نئی معاشی قوتیں ابھر رہی ہیں ٹیکنالوجی پرانی حقیقتوں کو بدل رہی ہے اور عالمی سیاست میں دوستی سے زیادہ مفاد کی زبان طاقتور ہوتی جا رہی ہے۔ آج دنیا ایک ایسے تاریخی موڑ پر کھڑی ہے جہاں طاقت کا مطلب بھی بدل چکا ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ کون سا ملک مضبوط معیشت رکھتا ہے جدید ٹیکنالوجی بناتا ہے عالمی منڈی میں اپنی جگہ بناتا ہے اور اپنے نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز کیلئے تیار کرتا ہے۔ ایک کمزور معیشت کے کندھوں پر مضبوط خارجہ پالیسی زیادہ دیر سفر نہیں کر سکتی۔ معاشی طاقت ہی سفارتی فیصلوں کو خود اعتمادی دیتی ہے۔ جو ملک اپنی ضروریات پوری کرنے اور عالمی منڈی میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس کی آواز مؤثر ہے۔ BRICS کا پھیلاؤ اسی بدلتی ہوئی دنیا کی ایک اہم علامت ہے۔ برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ سے شروع ہونے والا یہ پلیٹ فارم اب کئی نئی معیشتوں کو اپنے دائرے میں شامل کر چکا ہے۔ مصر، ایتھوپیا، ایران، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور انڈونیشیا کی شمولیت نے اس کے معاشی اور جغرافیائی اثرات کو مزید وسیع کیا ہے۔ BRICS کے پیچھے ایک وسیع تر خواہش بھی موجود ہے کہ ترقی پذیر اور ابھرتی ہوئی معیشتیں عالمی تجارت مالیاتی نظام اور بین الاقوامی اداروں میں زیادہ مؤثر آواز حاصل کریں یہیں سے پاکستان کا سوال شروع ہوتا ہے۔ پاکستان کے پاس ایک ایسا اثاثہ ہے جسے خریدا نہیں جا سکتا جغرافیہ۔ ہم چین کے پڑوسی ہیں وسطی ایشیا کے دروازے پر واقع ہیں بحیرہ عرب تک رسائی رکھتے ہیں افغانستان اور ایران ہمارے قریب ہیں اور خلیجی ممالک کے ساتھ ہمارے تاریخی، معاشی اور انسانی روابط موجود ہیں۔ گوادر اور CPEC اسی جغرافیائی حقیقت کو معاشی موقع میں تبدیل کرنے کی کوشش ہیں اگر ان منصوبوں کو صرف سڑکوں بندرگاہوں اور تعمیرات تک محدود رکھنے کے بجائے ایک جامع معاشی حکمت عملی سے جوڑا جائے تو پاکستان علاقائی تجارت ٹرانزٹ سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں کا اہم مرکز بن سکتا ہے۔ پاکستان کو اپنی جغرافیائی اہمیت کو معاشی طاقت میں تبدیل کرنے کیلئے سیاسی تسلسل پالیسی کا استحکام مضبوط ادارے قابل اعتماد توانائی جدید انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا۔ ہماری معیشت کو برآمدات پر مبنی بنانا ہوگا۔ صنعت کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنا ہوگا۔ زراعت کو صرف فصل پیدا کرنے تک محدود رکھنے کے بجائے ویلیو ایڈیشن، فوڈ پروسیسنگ اور عالمی منڈی سے جوڑنا ہوگا۔ توانائی کی فراہمی کو قابل اعتماد بنانا ہوگا اور سرمایہ کار کو یہ یقین دینا ہوگا کہ پاکستان میں آج لگایا گیا سرمایہ کل بھی محفوظ ہوگا۔ پاکستان کی اصل طاقت اس کے نوجوان ہیں۔ یہ نوجوان اگر معیاری تعلیم جدید ہنر اور مناسب مواقع حاصل کریں تو دنیا کے کسی بھی حصے میں بیٹھ کر پاکستان کیلئے معاشی قدر پیدا کر سکتے ہیں لیکن اگر ہم انہیں صرف ڈگریاں دیتے رہے اور مہارت نہیں صرف ملازمت کا خواب دکھاتے رہے اور تخلیق و کاروبار کا راستہ نہیں دکھایا تو ہماری آبادی کا یہ بڑا حصہ ہماری طاقت بننے کے بجائے معاشی دباؤ بن سکتا ہے۔ دنیا مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، سائبر سیکیورٹی، بائیو ٹیکنالوجی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور ڈیجیٹل معیشت کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ مستقبل کی معیشت میں وہی ممالک کامیاب ہوں گے جو صرف ٹیکنالوجی استعمال نہیں کریں گے بلکہ اسے تخلیق بھی کریں گے۔ ہمیں ایسے تعلیمی ادارے چاہئیں جو صرف ملازمت کے امیدوار پیدا نہ کریں بلکہ سائنس دان انجینئر محقق کاروباری افراد اور ٹیکنالوجی کے تخلیق کار تیار کریں۔ ہمیں نوجوانوں کو یہ سکھانا ہوگا کہ ملازمت تلاش کرنا ہی کامیابی نہیں مسئلہ حل کرنا نئی چیز بنانا اور روزگار پیدا کرنا بھی کامیابی ہے۔ خارجہ پالیسی کے محاذ پر بھی دنیا بدل چکی ہے۔ امریکہ پاکستان کیلئے اہم ہے، چین ہماری اسٹریٹجک اور معاشی شراکت داری کا اہم ستون ہے، خلیجی ممالک ہمارے تاریخی اور معاشی شراکت دار ہیں، یورپ ہماری تجارت کیلئے اہم ہے جبکہ وسطی ایشیائی منڈیوں اور نئے تجارتی راستوں کے امکانات رکھتا ہے۔ ایسی صورت میں پاکستان کو کسی ایک طاقت کے سائے میں کھڑے ہونے کے بجائے اپنے قومی مفاد کو مرکز بنانا ہوگا۔ دوستیاں اپنی جگہ مگر سمت اپنی ہونی چاہیے۔ آج کی دنیا میں مستقل دوستی سے زیادہ مستقل مفاد اہم ہے۔ جو ملک اپنے مفاد کو سمجھتا ہے دنیا اس کی بات سنتی ہے۔ عالمی سپلائی چین میں تبدیلی علاقائی تجارت معدنی وسائل قابل تجدید توانائی ڈیجیٹل معیشت اور نئی ٹیکنالوجیز ہمارے لئے نئے دروازے کھول سکتی ہیں لیکن دروازے خود نہیں کھلتے۔ قومیں دروازوں کا انتظار نہیں کرتیں دستک دیتی ہیں۔ پاکستان کو BRICS میں شامل ہونا چاہیے یا نہیں یہ ایک اہم سفارتی سوال ہے۔ لیکن اس سے بھی بڑا سوال یہ ہے کہ کیا ہم اپنی معیشت کو اتنا مضبوط بنا سکتے ہیں کہ BRICS ہو یا G7 چین ہو یا امریکہ، خلیج ہو یا یورپ، ہر بڑی طاقت پاکستان کو ایک سنجیدہ، قابل اعتماد اور باصلاحیت معاشی شراکت دار سمجھنے پر مجبور ہو۔ ہماری اصل طاقت یہ ہوگی کہ ہم دنیا کی ضرورت بن جائیں۔ پاکستان کے پاس وسائل ہیں، نوجوان ہیں، سمندر ہے، زراعت ہے، معدنیات ہیں اور سب سے بڑھ کر ایک ایسا جغرافیہ ہے جسے دنیا نظرانداز نہیں کر سکتی مگر امکانات کبھی قوموں کی تقدیر نہیں بدلتے۔ فیصلے بدلتے ہیں اگر ہم سیاسی اختلافات سے اوپر اٹھ کر معاشی تسلسل پیدا کر سکیں تعلیم کو قومی ترجیح بنا سکیں نوجوانوں کو جدید ہنر دے سکیں صنعت اور برآمدات کو مضبوط کر سکیں توانائی کے بحران کا مستقل حل نکال سکیں اور خارجہ پالیسی کو قومی مفاد کے گرد منظم کر سکیں تو پاکستان بدلتی ہوئی دنیا کا تماشائی نہیں رہے گا۔ وہ اس نئی دنیا کا فعال اور بااثر کردار بن سکتا ہے۔ دنیا ہمارے انتظار میں نہیں رکے گی۔ نئی طاقتیں ابھریں گی نئی ٹیکنالوجیز آئیں گی، نئی منڈیاں بنیں گی اور نئے اتحاد وجود میں آئیں گے۔ وقت ہمارے سامنے ہے۔ فیصلہ بھی ہمارے سامنے ہے۔ کیونکہ آنے والی نسلیں ہم سے یہ نہیں پوچھیں گی کہ ہمارے پاس وسائل کتنے تھے۔ وہ صرف یہ پوچھیں گی جب دنیا بدل رہی تھی، تو آپ نے پاکستان کیلئے کیا فیصلہ کیا تھا۔ دنیا بدل رہی ہے۔ اب وقت صرف یہ پوچھنے کا نہیں کہ دنیا کہاں کھڑی ہے۔ اب پاکستان کو خود طے کرنا ہے کہ دنیا میں اسے کہاں کھڑا ہونا ہے۔

(شکریہ روزنامہ پاکستان)

اعلان

ادارہ کا لکھاری کی رائے سے متفق ہونا لازمی نہیں، تحریر کا وہ خود ذمے دار ہوگا

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ABC باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY ASIA URDU MULTAN
روزنامہ ایشیاء اردو
[redacted]
ایڈیٹرانچیف: جنید ملک

کلاسیفائیڈ

شرائط واطلاع مشتہرین وقارئین

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں۔ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

”ایشیاء اردو“ کلاسیفائیڈ اشتہارات خصوصی رعایتی پیکیج کے تحت 50 روپے فی سطر اور کم ازکم 3 سطور میں بک کیئے جائینگے ایک سطر میں 8 الفاظ ہونے چاہئیں۔

اوور رائٹنگ اور مشکوک مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔

اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

دوفون نمبروں میں ایک غلط یا ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ شائع ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 2 دن میں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں۔

مشتہرین کی سہولت کیلئے مختلف علاقوں میں اشتہارات بکنگ سنٹر کھولے گئے ہیں اگر اشتہار کیلئے آفس آنے میں وقت ہو تو اپنے علاقے میں قائم کردہ روزنامہ ایشیاء اردو سنٹر میں ہمارے مقرر کردہ ریٹ پر اشتہار ابک کروائیں۔

عوامی اشتہارات بشمول اتوار صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک بک کروائیں۔

اتوار کیلئے اشتہارات بروز جمعہ 5 بجے تک بک کروائے جاسکتے ہیں۔

فون نمبر: 0302-8652233

بقیہ 1

ریلیف سکیم میں سب سے پہلے غریب طبقے کو ریلیف دینے کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ امریکا اور ایران کی جنگ کے باعث ہوا، حکومت نے معیشت کی استطاعت کے مطابق عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش کی ہے، ملکی معیشت اس سے زیادہ ریلیف کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہاڑی دار طبقے کو 100 روپے کے ریلیف سے کچھ سہولت ملے جنگ کے شعلے تھمنے سے دنیا کے غریب لوگوں پر بھی بوجھ کم ہوگا۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ ڈپٹی وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں سمارٹ لاک ڈاؤن کی کوئی بات زیر بحث نہیں آئی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ اجلاس میں پٹرولیم مصنوعات سے متعلق امور پر غور کیا گیا، تین ماہ کے لیے تھری ویلر اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے صارفین کو ٹارگٹڈ سبسڈی دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام عوامی نمائندوں کی ڈیوٹی لگائی جا رہی ہے کہ وہ عوام کو حکومتی ریلیف اور دیگر معاملات کے حوالے سے گائیڈ کریں، اسلام آباد بند ہونے نہیں جا رہا، وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے حالیہ فیصلے کے تحت انتظامیہ کو شہریوں کی آمدورفت بحال رکھنے کی ہدایات ہیں، کسی بھی جماعت کے رہنماؤں کو عوامی مقامات پر قبضہ نہیں کرنے دیا جائے گا، انتظامیہ اپنی ڈیوٹی انجام دے رہی ہے، ان لوگوں کو سوچنا چاہیے، جو بار بار اسلام آباد پر چڑھائی کرتے ہیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ سب سے زیادہ پرتشدد اور انتشار سے بھرا مارچ تحریک انصاف کا ہوتا ہے۔

بقیہ 2

عدالتی سال 2026-27 کے آغاز پر چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ نئے عدالتی سال کا آغاز انصاف کی فراہمی کے عزم کی تجدید کا دن ہے، وفاقی آئینی عدالت آئینی معاملات پر ذمہ داریاں بخوبی نبھا رہی ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہئے، آئین کی پاسداری سے ہی معاشرے میں استحکام ممکن ہے، آئین میں اختیارات اور حدود کا واضح تعین کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی امور میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ضروری ہے، وفاقی آئینی عدالت نے مختصر عرصے میں کئی اہم مقدمات کے فیصلے سنائے۔ ٹیکنالوجی کا استعمال ادارہ جاتی استعداد اور شفافیت بڑھاتا ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ انصاف تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، بلاتفریق آئینی انصاف ہماری بنیادی ترجیح ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی کسی بھی معاشرے میں بنیادی اہمیت کی حامل ہے، بار ایسوسی ایشنز اور دیگر ادارے آئینی عدالت کے لیے بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ بیرونی دوروں اور سرگرمیوں سے عدالتی شعبے میں تعاون بڑھایا جا رہا ہے، مقدمات کی سماعت کیلئے تقرر میرٹ پر شفاف انداز میں کیا جاتا ہے۔

بقیہ 3

طلب کرلیا۔ تین قیدیوں کی بانی پی ٹی آئی کی طرز پر پرائیویٹ ہسپتال میں سہولیات دینے کے معاملہ پر سماعت کے دوران وفاقی آئینی عدالت نے حکم دیا کہ کسی بھی ہائیکورٹ میں اس نوعیت کا کوئی بھی کیس زیر التوا ہوا تو اس کا ریکارڈ بھجوایا جائے۔ وفاقی آئینی عدالت نے سپریم کورٹ سے بانی پی ٹی آئی کے متعلق توہین عدالت، ہسپتال منتقلی اور نظرثانی درخواست کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی، دوران سماعت اٹارنی جنرل نے کہا کہ آرٹیکل 175 ای کی ذیلی شق 5 کے تحت وفاقی آئینی عدالت آئینی تشریح کے سوال پر ملک کی کسی بھی عدالت کا ریکارڈ منگوا سکتی ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ آئین و قانون کا اطلاق کا امیر اور غریب پر برابر ہونا چاہئے، جسٹس علی باقر نجفی نے اٹارنی جنرل سے پوچھا کہ کیا آپ نے سپریم کورٹ میں اعتراض اٹھایا تھا؟ جس پر اٹارنی جنرل نے کہا سپریم کورٹ نے ہمیں نوٹس جاری کیے بغیر حکم دیا، اٹارنی جنرل نے بتایا کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے سپریم کورٹ میں اعتراض اٹھایا تھا، جسٹس علی باقر نجفی نے کہا کہ کیا سپریم کورٹ کو درخواست کے قابل سماعت ہونے کا معاملہ طے نہیں کرنا چاہئے تھا، اس پر اٹارنی جنرل نے کہا کہ بالکل ایسے ہی ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آئینی تشریح کا اختیار اب وفاقی آئینی عدالت کے پاس ہے، جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ سپریم کورٹ میں زیر التوا کیس تو فوجداری نوعیت کا ہے، ہمارے پاس کیس اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف آیا ہے، سپریم کورٹ کا حکم تو ابھی عبوری ہے۔ جسٹس علی باقر نجفی نے کہا کہ اصل سوال تو اختیار سماعت کا ہے، سوال یہ ہے کہ آئینی تشریح اور بنیادی حقوق کا کیس اب کون سن سکتا ہے۔ بعدازاں وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ بانی پی ٹی آئی ہسپتال منتقلی کیس سے منسلک تمام ریکارڈ اور مقدمات آئینی عدالت سنے گی۔

بقیہ 4

کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں، جبکہ مختلف مقامات پر کنٹینرز پہنچا دیئے گئے ہیں۔ اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس نے احتجاج کے پیش نظر اضافی سکیورٹی اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ احتجاجی مظاہرین کو ڈی چوک تک پہنچنے سے روکنے کیلئے مختلف مقامات پر کنٹینرز نصب کیے جائیں گے۔ اسلام آباد کے داخلی اور خارجی راستوں پر بھی سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی بڑھا دی گئی ہے، جبکہ اہم سرکاری عمارتوں اور حساس مقامات کے اطراف بھی سکیورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے اہم شاہراہوں پر کنٹینرز لگا کر راستے بند کرنے کی بھی تیاری کی جا رہی ہے۔

بقیہ 5

فروخت سے 3 ارب ڈالر حاصل ہوئے، مارکیٹ سے ڈالرز کی خریداری کے باعث بھی ذخائر میں اضافہ ہوا، مرکزی بینک کے ڈالر ذخائر بھی پہلی بار 21 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے۔

بقیہ 6

کرتے ہوئے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی اور پانی کو دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ پاکستانی موقف میں واضح کیا گیا کہ سندھ طاس کا پانی کروڑوں پاکستانیوں کے بنیادی حقوق سے جڑا ہوا ہے اور انڈس بیسن کے پانی پر کسی بھی یکطرفہ اقدام سے لاکھوں افراد کے بنیادی حقوق شدید متاثر ہو سکتے ہیں۔ پاکستان نے اس بات پر زور دیا کہ پانی کے معاملے کو سیاسی تنازع بنانے کے بجائے بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستانی سفارتکار کی جانب سے موقف پیش کیے جانے پر بھارتی سفارتکار نے اعتراضات اٹھائے، تاہم عدیل ممتاز کھوکھر نے ان اعتراضات کا انتہائی مدلل جواب دیتے ہوئے تمام بھارتی دعوے سرے سے مسترد کر دیئے، جس پر بھارتی سفارتکار شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے۔ اس کے علاوہ پاکستانی سفارتکار نے اپنے خطاب میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز کے جاری مظالم اور انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کا معاملہ بھی شدومد کے ساتھ اٹھایا۔

بقیہ 7

سہیل آفریدی کو پنجاب میں داخل ہونے پر سکیورٹی فراہم کر کے ایک ذمہ دار حکومت ہونے کا ثبوت دیا ہے، پنجاب حکومت نے بارہا سہیل آفریدی کے عملہ اور خیبر پختونخواہ کی حکومت سے روٹ کا پوچھا لیکن کوئی تعاون نہ کیا گیا، سہیل آفریدی کی نازیبا اور غیر پارلیمانی گفتگو کے باوجود پنجاب پولیس نے مکمل سکیورٹی فراہم کی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کی وجہ سے شہری سارا دن تنگ ہوتے، مریض ایمبولینسز میں پھنسے رہے جس پر سہیل آفریدی کو عوام سے معافی مانگنی چاہیے۔ سہیل آفریدی اپنے گارڈز کے ہمراہ پولیس کی گاڑی پر سیر وتفریح کرنے کے بعد فٹ پاتھ پر بیٹھ گئے، جن پر عوام نے کان نہ دھرے، حکومت پنجاب قانون کی بالادستی پر مکمل یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 8

شرح 45 فیصد ہو چکی ہے۔ اسلام آباد میں اکانومی فورم سے خطاب میں احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل صارفین کی تعداد 15 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے اور 2 برس میں ڈیٹا کے استعمال میں تقریباً 25 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں فائبر کنکشنز تقریباً 50 لاکھ سے زائد ہو چکے ہیں، وائرڈ براڈ بینڈ کو ایک کروڑ گھرانوں تک پہنچانے کا ہدف ہے، پاکستان میں موبائل انٹرنیٹ کے استعمال میں صنفی فرق 8 فیصد رہ گیا ہے۔

بقیہ 9

پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اتنی بڑی رقم سبسڈی کی مد میں دی جا رہی ہے تو پیٹرول کی قیمت ہی 60 روپے فی لیٹر کم کردی جائے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مفتاح اسماعیل نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی 28 سے 30 فیصد تک ہے، حکومت سبسڈی دینے کے بجائے پیٹرولیم لیوی میں کمی کر سکتی ہے۔ پیٹرول کی قیمتیں بڑھانے کے بجائے حکومت کو اپنے اخراجات کم کرنے چاہئیں۔

بقیہ 10

ہوئے مسلسل پانچ سال کنٹریکٹ سروس کے بعد ریگولر ہونے والے ملازم کی دس سالہ مسلسل سروس پنشن کے لئے شمار کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے فوت ہونے والے سرکاری ملازم کی بیوہ کو پنشن اور دیگر مراعات دینے کا حکم برقرار رکھتے ہوئے پنجاب حکومت کی اپیل خارج کر دی۔ جسٹس مزمل اختر شبیر کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے اپیل خارج کرنے کا فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے کے مطابق خاتون کے شوہر کو محکمہ صحت میں 2005 میں کنٹریکٹ پر نائب قاصد بھرتی کیا گیا، 2010 میں اسے ریگولر کر دیا گیا، ملازم کا 2016 میں انتقال ہو گیا۔ پنجاب حکومت کا موقف تھا کہ پنشن اور دیگر مراعات کیلئے دس سالہ سروس کا ہونا ضروری ہے اور یہ سروس ریگولر ہونی چاہیے، کنٹریکٹ کا عرصہ پنشن کے لیئے شمار نہیں کیا جاسکتا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملازم مسلسل پانچ سال کنٹریکٹ پر سروس کی اور اسکے بعد اسے ریگولر کیا گیا، اس لئے موجودہ کیس میں کنٹریکٹ سے ریگولر ہونے تک کی مسلسل سروس کو پنشن کے لئے شمار کیا جائے گا۔ عدالت نے سپریم کورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر کنٹریکٹ سروس مسلسل نہ ہوتی اور ملازم کو ریگولر کر دیا جاتا تو کنٹریکٹ کی سروس شمار نہ کی جاتی۔ عدالت نے قرار دیا کہ موجودہ کیس میں بیوہ کا شوہر پنشن اور دیگر مراعات کے لیے اہل ہے، عدالت نے سنگل بینچ کے فیصلے کو بھی قانونی قرار دیتے ہوئے پنجاب حکومت کی اپیل خارج کر دی۔

بقیہ 11

کرتے ہوئے فساد اور فتنہ تلاش کرتے پھر رہے ہیں وہ گلی گلی ڈھونڈ رہے ہیں کہ ایسا واقعہ ہو جائے کہ جس سے فتنہ فساد ہو۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ سہیل آفریدی نے خود کو اغوا کرانے کی کوشش کی اور پولیس وین میں بیٹھ گئے پولیس نے اگلے چوک پر جا کر سہیل آفریدی کو سمجھایا کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں، پولیس نے انہیں بتایا کہ ہمیں آپ کو گرفتار کرنے کا کوئی آرڈر نہیں ہے اگلے چوک پر سہیل آفریدی اتر گئے اور اسی جگہ پر بیٹھ گئے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ سہیل آفریدی کوشش کرتے رہے کوئی ایسا واقعہ ہو جس سے ملک کی بدنامی ہو تاہم حکومت اور پولیس کی کوشش یہی ہے کہ ان کو ایسا کوئی موقع نہ دیا جائے، سہیل آفریدی کو گرفتار کرنے کی باتیں جھوٹ ہیں اسے ڈرامہ بھی کہہ سکتے ہیں سہیل آفریدی سندھ گئے تھے تو وہاں بھی یہی مقصد تھا پنجاب میں بھی یہی چاہتے ہیں جس نوجوان کے گھر سہیل آفریدی گئے جو زخمی ہو گیا تھا انھوں نے ان کی خاطر مدارت کی ہے سہیل آفریدی کو وہاں کہا گیا کہ آپ کو 17 دن بعد ہمارا خیال آیا ہے سہیل آفریدی کے گھر جانے پر جو بچہ ویڈیو بنا رہا تھا اس سے موبائل چھین لیا گیا۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے حوالے سے مجھے کوئی معلومات نہیں ہے پی ٹی آئی کی دوسرے درجے کی قیادت کے انتظامیہ اور ہم سے بھی رابطہ ہے۔ پی ٹی آئی کے بہت سارے دوست چاہتے ہیں کہ کوئی تشدد نہ ہو، پی ٹی آئی کا اصل کراؤڈ پشاور سے کے پی سے آیا یہ خود کہتے ہیں کہ کے پی میں کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشتگرد پائے جاتے ہیں فتنہ فساد برپا کرنے کیلئے دہشتگردوں کے پاس اس سے اچھا موقع کہاں ہوگا مسلح جتھہ اسلام آباد کی طرف بڑھے گا تو کس طرح وائلنس کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 12

اور باہمی تعلقات کے استحکام پر جامع تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق لبنانی وزیر داخلہ کی وزارت داخلہ آمد پر محسن نقوی نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا، جس کے بعد دونوں وزراء کے درمیان پہلے ون آن ون اور پھر وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے۔ مذاکرات میں دہشت گردی، منشیات کی سمگلنگ، غیر قانونی امیگریشن، منی لانڈرنگ اور سائبر کرائمز کے موثر سدباب کے لیے باہمی اشتراک کو وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 13

28 ستمبر تک ملتوی کر دی، عدالت نے ایس ایچ او چوہنگ کو آئندہ سماعت پر گواہوں کو پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ دو ملزمان بلاول اور ہارون کو جیل سے لا کر عدالت پیش کیا گیا جبکہ امیر بالاج قتل کیس کا ملزم سہیل محمود حاضری کے لیے عدالت پیش نہ ہوا۔ امیر بالاج قتل کیس کے ملزمان طیفی بٹ اور احسن شاہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہو چکے ہیں اور کیس کا دوسرا ملزم گوگی بٹ مفرور ہے۔

بقیہ 14

رہا ہے تو ان کو خوش ہونا چاہیے، انتظامی یونٹس سے جواب دہی کا معاملہ آسان ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ نامناسب وقت پر سازش کے طور پر لایا گیا، لوکل گورنمنٹ ایکٹ آرٹیکل 140 اے کی نفی ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے مزید کہا کہ سندھ حکومت نے کراچی کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا ہے، مارچ میں سندھ بلدیاتی نظام کے 4 سال پورے ہو جائیں گے، 6 سال میں پیپلز پارٹی کی حکومت نے اپنے میئر کو بھی اختیارات نہیں دیئے۔ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان چھوٹے اور زیادہ صوبوں کی حامی ہے۔ ماضی میں ایم کیو ایم نے 19 صوبوں کی تجویز بھی دی، جس میں جنوبی پنجاب، ہزارہ اور سابق فاٹا کو الگ صوبے بنانے کی بات شامل تھی۔ اس کے علاوہ استحکام پاکستان پارٹی جنوبی پنجاب سمیت نئے صوبے بنانے کی حمایت کرتی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف ماضی میں جنوبی پنجاب صوبے کی حمایت کرتی رہی ہے، 2018 میں جنوبی پنجاب صوبہ بنانے کیلئے اقدامات بھی کئے گئے تھے تاہم موجودہ سیاسی صورتحال میں پارٹی کا موقف واضح نہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی تاریخی طور پر جنوبی پنجاب صوبے کی حامی رہی ہے لیکن موجودہ بحث میں پارٹی پنجاب کی تقسیم کے معاملے پر محتاط موقف رکھتی ہے اور سیاسی اتفاق رائے کے بغیر صوبوں کی تقسیم کی مخالفت کرتی دکھائی دیتی ہے۔ مسلم لیگ ن مختلف ادوار میں جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کی حمایت کرتی رہی ہے۔ 2018 میں شہباز شریف نے جنوبی پنجاب صوبہ اور بہاولپور صوبے کی بحالی کے لئے آئینی ترمیمی بل لانے کا اعلان کیا تھا، موجودہ صورتحال میں صوبوں کے حوالے سے مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے مختلف بیانات سامنے آئے ہیں جن میں سے بعض نے نئے صوبوں کی حمایت اور کچھ نے مخالفت کی ہے۔

بقیہ 15

اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے دوران پاکستان کی فعال شرکت کیلئے قریبی رابطوں اور تیاری کو یقینی بنایا جائے۔ منگل کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے پروگرام کے جائزہ کے حوالہ سے اجلاس کی صدارت کی جس میں سیکرٹری خارجہ اور خصوصی سیکرٹری یو این نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کو مجوزہ پروگرام کے حوالہ سے بریفنگ دی جس میں اعلیٰ سطح کی مصروفیات، دوطرفہ ملاقاتوں کے علاوہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر دیگر اہم مصروفیات شامل تھیں۔

بقیہ 16

سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق اب دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس معطل کیے جائیں گے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے ساتھ ان کے روٹ پرمٹ بھی معطل کیے جائیں گے۔ رواں ماہ دھواں چھوڑنے اور آلودگی کا باعث بننے والی 34 گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لائسنس معطل کیے جا چکے ہیں۔ سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق بغیر ترپال ریت، مٹی اور دیگر آلودگی پھیلانے والا سامان لے جانے والی 3 ہزار 752 گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی جبکہ بغیر فٹنس اور خستہ حال 12 ہزار 272 گاڑیوں کے خلاف بھی ایکشن لیا گیا۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا ہے کہ خطرناک حد تک اوورلوڈنگ کرنے والے 5 ہزار 210 ہیوی ڈیکلز کے خلاف کارروائی کی جا چکی ہے۔ سموگ تدارک مہم کے دوران مجموعی طور پر ایک لاکھ 54 ہزار 890 گاڑیوں کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ مٹی، ریت اور دیگر مائننز سائٹس پر خصوصی کریک ڈاؤن جاری ہے جبکہ سموکی ڈیکلز کی درستگی کے لیے متعدد سرکاری اور نیم سرکاری اداروں کو مراسلے بھی ارسال کیے گئے ہیں۔ سی ٹی او لاہور نے واضح کیا کہ سموگ اور فضائی آلودگی کے تدارک کے لیے ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں گی۔ سرخی اور چارڈبلیاں بنا کر دیں۔

بقیہ 17

سکول لدھڑ میں پہلی کلاس لی اور طالبات کو تدریس کے ساتھ ساتھ تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا۔ رانا سکندر حیات نے میٹرک اور پانچویں جماعت کی کلاسز کو لیکچر دیا، صوبائی وزیر تعلیم نے طالبات کو انگریزی کا مضمون پڑھایا اور بعدازاں ان کا امتحان بھی لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے سکول کے تعلیمی اور بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے 3 اضافی کلاس رومز اور ایک سٹیم لیب بنانے کی ہدایت کردی۔ رانا سکندر حیات نے طالبات کے لیے کھیلوں کی سہولیات بہتر بنانے کے لیے والی بال، کرکٹ اور دیگر سپورٹس کٹس فراہم کرنے کا بھی حکم دیا۔ طالبات کی جانب سے مطالبے پر صوبائی وزیر تعلیم نے سکول میں فوری طور پر واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر تعلیم کا کہنا تھا کہ سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ طلبہ و طالبات کو بنیادی سہولیات اور ہم نصابی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 18

نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سول جج جہانگیر سلطان، سپرنٹنڈنٹ جیل سید بابر علی، میڈیکل آفیسر اور دیگر جیل افسران بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے کچن اسیران کا وزٹ کیا جہاں قیدیوں کیلئے تیار کھانے کے معیار اور انتظامات کو چیک کیا۔ انہوں نے نوعمر وارڈ اور نوعمر اسیران کے سکول کا بھی معائنہ کیا اور ان کی تعلیم کے حوالے سے سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خواتین وارڈ اور مختلف بیرکس اور بلاکس میں جا کر اسیران کے مسائل سنے۔ ایڈیشنل سیشن جج نے معمولی جرائم میں ملوث چھ قیدیوں کو ذاتی مچلکوں پر رہا کرنے کے احکامات بھی جاری کیے۔ یہ بات سپرنٹنڈنٹ جیل کے مراسلہ میں کہی گئی ہے۔

بقیہ 19

سوشل میڈیا پر وائرل کرنے والے ملزم کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ صدر جڑانوالہ سب انسپکٹر ملک عمران نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ فیصل آباد پولیس کا واضح پیغام: اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 20

قانونی بس وویگن سٹینڈز سمیت دیگر ٹرانسپورٹ سے متعلق امور پر تفصیلی آگاہی دی۔ سیکرٹری آر ٹی اے نے ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی کہ گاڑیوں کی فٹنس یقینی بنائی جائے اور انسداد سموگ مہم کے تحت ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والی اور فٹنس معیار پر پورا نہ اترنے والی گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے گاڑیوں میں غیر قانونی ایل پی جی سلنڈرز کے استعمال سے بھی اجتناب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نذر حسین کورائی نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز حکومتی پالیسی پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے مسافروں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 21

پنجابیوں کا ہوں، مریم نواز کو پنجاب کے عوام نے مسترد کیا، وزیراعلیٰ جعلی ووٹوں سے اقتدار پر بیٹھی ہیں۔ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے لاہور میں دوموریہ پل پر پارٹی کارکنوں سے گفتگو میں کہا پنجاب میرا اور میں پنجابیوں کا ہوں، مریم نواز کو پنجاب کے عوام نے مسترد کیا، وزیراعلیٰ جعلی ووٹوں سے اقتدار پر بیٹھی ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی خود پولیس وین میں بیٹھنے کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے اسے ڈرامہ بازی قرار دے دیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ان کو عزت دے رہے ہیں لیکن یہ اس کے لائق ہی نہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ ایک اور ڈرامہ بازی ملاحظہ کریں، خود جا کر پولیس وین میں بیٹھ گئے، پولیس والے اترنے کو کہہ رہے تھے اپنے گارڈز کو ڈرامہ بلاک کرنے پر جھاڑ پلا کر پرے کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی فرمائشی اور سستی ایکٹنگ کر رہے ہیں، جگہ جگہ گاڑی روک کر عوام کو خوار، یوٹیوبرز اور گارڈز سے خطاب کیا گیا۔

بقیہ 22

کی بنائی گئی کمیٹی کی انکوائری رپورٹ جاری کردی گئی ہے رپورٹ وزیراعظم کے حکم پر جاری کی گئی ہے، انکوائری رپورٹ میں نرسری میں آگ لگنے کا سبب برقی خرابی کو قرار دیا گیا ہے جبکہ کمیٹی نے پمز انتظامیہ کی ناکامی ثابت شدہ قرار دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اے سی نمبر 2 کی بجلی کی سپلائی کیبل سے آگ لگنے کا قوی امکان ہے، تخریب کاری یا آئیکو فالٹ کے شواہد نہیں ملے جبکہ آکسیجن لیکیج یا انکیوبیٹر سے آگ لگنے کا بھی ثبوت نہیں ملا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ آگ لگنے کے بعد فرنٹ لائن عملے نے ابتدائی لمحات میں فوری کارروائی کی، کسی شخص کے خلاف مجرمانہ جرم ثابت نہیں ہوا۔ رپورٹ کے مطابق نرسری میں خودکار دھویں کا پتا لگانے اور الارم کا موثر نظام نہیں تھا، 6 جولائی کے زرنگ ہاسٹل میں آگ نے بھی خامیاں ظاہر کی تھیں تاہم سابقہ فائر سیفٹی وارننگز پر عملدرآمد نہیں ہوا۔ رپورٹ کے مطابق نرسری میں 15 نومولود زیر علاج تھے، حادثے میں 14 جاں بحق ہوئے جبکہ نرسری میں گنجائش سے زیادہ نومولود زیر علاج تھے، 10 بیڈ کے یونٹ میں 15 بچے زیر علاج تھے، نومولود حفاظتی نظام کی ناکامی نہیں بلکہ متعدد کمزور اقدامات کے باعث جاں بحق ہوئے۔ کمیٹی نے رپورٹ میں برقی تنصیب، ایمرجنسی راستے اور وارننگز پر مزید تحقیقات کی سفارش کی جبکہ پمز میں فوری فائر، لائف سیفٹی اور الیکٹریکل آڈٹ کرانے کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ رپورٹ میں نومولودوں کے لیے خصوصی ایمرجنسی ایویکیوایشن ایس او پیز بنانے کی تجویز دی گئی ہے جب کہ فائر ڈیٹیکشن، الارم اور ایگزٹ سسٹم فوری فعال کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

بقیہ 23

پریس کانفرنس میں بتایا کہ آزاد کشمیر کے صدر کا انتخاب 24 ستمبر 2026 کو ہوگا۔ صدارتی انتخاب کے لیے کاغذات نامزدگی 19 ستمبر کو جمع ہوں گے۔ کاغذات نامزدگی 19 ستمبر کو صبح 10 بجے سے دوپہر 12 بجے تک جمع کرائے جا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کاغذات نامزدگی ریٹرننگ آفیسر، چیف الیکشن کمشنر کے پاس جمع ہوں گے۔ جبکہ 19 ستمبر کو ہی کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال چیف الیکشن کمشنر کے دفتر میں ہوگی۔ کاغذات نامزدگی 23 ستمبر کو صبح 11:30 بجے تک واپس لیے جا سکیں گے۔ صدارتی انتخاب کے لیے پولنگ 24 ستمبر کو اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صدارتی انتخاب کی پولنگ صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک ہوگی۔ پولنگ کے بعد ووٹوں کی گنتی اور نتائج کا اعلان اسی روز کیا جائے گا۔ صدر آزاد جموں وکشمیر کا انتخاب اکثریت کی بنیاد پر ہوگا۔

بقیہ 24

سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے پیشگی انتظامات پر بریفنگ دی۔ شہباز شریف نے اس موقع پر ہدایت کی کہ بارشوں سے پیدا ممکنہ ہنگامی صورتحال میں متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے بارشوں کے دوران رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے اور امدادی سامان کی ترسیل کیلئے متعلقہ محکموں کے ساتھ روابط بڑھانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم نے این ڈی ایم اے کو متعلقہ صوبائی اداروں اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کے ساتھ موثر رابطہ رکھنے کی ہدایت جاری کی۔ ملاقات میں چیئرمین این ڈی ایم اے نے بتایا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر کئے گئے پیشگی انتظامات کے باعث متعلقہ ادارے اس مون سون سیزن کی موثر اقدامات کے ساتھ بہتر انداز میں نگرانی کر سکے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے وزیراعظم کو جاری مون سون سیزن کے متوقع رجحان اور صوبوں اور اداروں کے باہمی تعاون سے جاری مجموعی انتظامات کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ملک کے طول وعرض میں کسی بھی ہنگامی موسمی صورتحال کے پیش نظر تمام متعلقہ ادارے ریسکیو اور ریلیف کیلئے تیار ہیں۔ دریں اثنا اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیر صدارت ملکی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے کیلئے جائزہ اجلاس ہوا، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستانی مصنوعات کے معیار کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں اور برآمدات میں اضافے کو ملکی معاشی ترقی کی بنیاد بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ روایتی شعبوں کے ساتھ مزید شعبوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کے لئے تیار کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تجارت کو متنوع بنانے کے لئے شعبوں اور صنعتوں کو برآمدی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے اور برآمدات میں ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ 25

منی لانڈرنگ کیس کی سماعت ہوئی۔ سابق وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی طبیعت کی خرابی کے باعث عدالت میں پیش نہ ہوسکے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 17 نومبر تک ملتوی کرتے ہوئے پرویز الٰہی کی بریت کی درخواست پر آئندہ سماعت میں دلائل طلب کر لیے۔

بقیہ 26

میں جمع کروائی گئی دستاویزات میں گواہان کے مزید بیانات اور سیل شدہ روزنامچے شامل ہیں۔ تفتیشی افسر نے اسلحہ ڈیلر ادریس کا بیان اور فرانزک ڈویژن کے نمائندے فرہاج کے بیانات بھی کمیشن میں جمع کرادیئے۔ تھانہ فیروز آباد اور گلستان جوہر کے 17 جولائی سے 11 اگست کے درمیان کے روزنامچے بھی سیل شدہ حالت میں کمیشن کے سامنے جمع کرادیئے گئے۔ علاوہ ازیں تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری نے میر رضا کے پارٹنر احسان انیس شمسی کا بیان حلفی بھی جوڈیشل کمیشن میں جمع کرادیا۔

بقیہ 27

ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے سرکاری پروٹوکول کی آڑ میں ایک بار پھر 9 مئی کے بیانیے کو تقویت دینے کی کوشش کی۔ بلال یاسین نے کہا کہ پنجاب میں کسی کو بھی امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ امن و امان کے معاملے پر پنجاب حکومت کسی قسم کی غفلت یا مصلحت کا مظاہرہ نہیں کرے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ سو سرکاری ملازمین اور گاڑیوں کے قافلے میں صوبے کے وزیر اعلیٰ نے ایک کروڑ کی آبادی کے شہر میں واویلا مچایا۔ ڈرامے بازی اور مظلومیت کی سر توڑ کوششوں کے باوجود لاہور کے باسیوں نے جعلی بیانیے کو مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ شدت پسندی، جھوٹ اور ڈھٹائی کا وطیرہ اس جماعت کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ پنجاب حکومت ہر شہری کے حقوق کے تحفظ کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور اس مقصد کیلئے شب وروز محنت جاری ہے۔

بقیہ 28

باشعور عوام، دیانتدار قیادت اور قانون کی عملداری بنیادی امر ہے۔ عالمی یوم جمہوریت پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ عالمی یوم جمہوریت منانے کا مقصد جمہوری اقدار کی اہمیت اجاگر کرنا ہے، جمہوریت محض سیاسی نظام نہیں بلکہ ترقی میں عوام کے فعال کردار کا مسلسل عمل کا نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت ایک مسلسل سفر ہے، جس کی منزل متوازن فلاحی معاشرہ ہے، جمہوریت کی کامیابی کے لئے باشعور عوام، دیانتدار قیادت اور قانون کی عملداری بنیادی امر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ احتساب جمہوریت کا اہم ستون ہے، عالمی یوم جمہوریت پر کرپٹ عناصر کے احتساب کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، پنجاب میں کرپشن کے سدباب کے لئے منظم مہم جاری ہے

بقیہ 29

صوبائی کابینہ کی ہدایت کی روشنی میں تعلیمی ادارے 2 روز بند رکھنے کا اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق صوبے کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے جمعہ اور ہفتہ بند رہیں گے، جبکہ باقی 5 دن تعلیمی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ محکمہ تعلیم کے مطابق یہ فیصلہ 2 ماہ تک نافذ العمل رہے گا۔ فیصلے کا مقصد پیٹرولیم بحران کے دوران ایندھن کی بچت اور آمدورفت سے متعلق مشکلات کو کم کرنا ہے۔ حکام کے مطابق فیصلے پر عمل درآمد صوبے کے تمام متعلقہ سرکاری و نجی تعلیمی اداروں پر ہوگا۔

بقیہ 30

رات گئے وفاقی دارالحکومت کے مختلف پیٹرول پمپس کا اچانک دورہ کیا۔ شزا فاطمہ نے شہریوں سے رجسٹریشن اور فیول ریلیف کے حصول میں مسائل سے متعلق دریافت کیا جب کہ انہوں نے عوام کو درست رجسٹریشن کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی۔ شزا فاطمہ نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل صرف ایک بار ہی کیا جائے، دہرانے کی ضرورت نہیں۔ اس کے علاوہ وفاقی وزیر نے انتظامیہ کو تمام اہلیت رکھنے والے رجسٹرڈ شہریوں تک رعایت کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی وزیر نے پمپس پر سستا پیٹرول دینے میں ٹال مٹول یا انکار کرنے والے عناصر کے خلاف سخت مانیٹرنگ کا حکم بھی دیا۔

بقیہ 31

الیکٹرک گاڑیوں پر عائد سیلز ٹیکس میں کمی کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق مقامی طور پر تیار ہونے والی 2000 سی سی تک ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر 25 فیصد بجائے اب 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہوگا۔ وزارت خزانہ کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 8 مارچ 2023 کے ایس آر او 297 اور 8 مارچ 2024 کو جاری ایس آر او نمبر 370 میں ترمیم کردی گئی اور ایس آر او 370 میں نئی ترمیم شامل کی گئی ہے۔

بقیہ 32

کی جانب سے دھمکیاں ملنے کے بیان کو مشہوری حاصل کرنے کی کوشش قرار دے دیا۔ ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ بعض لوگ مشہوری کے لیے ایسی باتیں کرتے ہیں، حکومت پہلے ہی واضح کر چکی ہے کہ جوڈیشل کمیشن جو حکم دے گا، اس پر عمل کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر سمعیہ نے گزشتہ روز جوڈیشل کمیشن کے سامنے بیان ریکارڈ کراتے ہوئے کہا تھا کہ گزشتہ دو روز سے موٹر سائیکل سوار ان کا پیچھا کر رہے ہیں اور انہیں دھمکی دی گئی ہے کہ اگر انہوں نے میر رضا کی موت کی وجہ خودکشی کہی تو ان کے ساتھ نرمی برتی جائے گی۔ پولیس سرجن نے کمیشن کو یہ بھی بتایا تھا کہ سوشل میڈیا پر ان کے شوہر کا نام اور گھر کا پتہ وائرل کیا گیا ہے۔

بقیہ 33

کیے گئے سی ای او صاف پانی اتھارٹی ذوالفقار احمد بھون کے مطابق ہر واٹر فلٹریشن پلانٹ پر مخصوص ڈیجیٹل کیو آر کوڈ نصب کیا جائے گا، جبکہ تمام پلانٹس پر پلانٹ کوڈ، آپریٹر کا نمبر اور ہیلپ لائن نمبر بھی درج ہوگا۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے فیلڈ سٹاف روزانہ کی بنیاد پر تمام پلانٹس کی فنکشنل رپورٹ جاری کرے گا، تاکہ کسی بھی خرابی کی صورت میں فوری کارروائی ممکن ہو سکے۔ ذوالفقار احمد بھون نے کہا کہ ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے صوبے بھر کے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی نگرانی اور کارکردگی کا جائزہ مزید موثر انداز میں لیا جا سکے گا۔ اجلاس میں تمام متعلقہ فیلڈ افسران نے آن لائن شرکت کی اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کی مانیٹرنگ اور ڈیجیٹل نظام سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 34

پٹرولیم لیوی کا بھتہ ختم کرے، جماعت اسلامی 20 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کرے گی، مختلف شہروں میں جاری دھرنے بھی ختم نہیں کیے جائیں گے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے پٹرولیم لیوی ختم اور پالیسی ریٹ کم کرنے کا مطالبہ دوہراتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال 1567 ارب روپے لیوی جمع کی گئی لیکن دوسری جانب حکومت پالیسی ریٹ کم کرنے کیلئے تیار نہیں، پاکستان میں ایک متوازی معیشت موجود ہے اور اتنی بڑی خرید وفروخت کہیں حساب میں نہیں آرہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت لیوی کے نام پر غنڈہ گردی کر رہی ہے اور فی لیٹر 135 روپے بھتہ لے رہی ہے، ہم حکومت کو پالیسی ریٹ 3 فیصد کم کرنے کے فوائد سے آگاہ کر چکے ہیں اور لیوی کم کرنے کے حوالے سے بھی فارمولا دیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے سٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ برقرار رکھنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دعویٰ کرتی ہے کہ مہنگائی کم کر دی گئی ہے، لیکن بلند شرح سود سے مزید قرض بڑھے گا، لیوی ختم کرنے اور پالیسی ریٹ کم کرنے کی ضرورت ہے، ان حالات میں عالمی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھیں تو حکومت کو اپنے محصولات کم کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے 25 ارب روپے کا ریلیف دیا ہے، قوم کو لائنوں میں لگا کر کوئی احسان نہیں کیا جا رہا، پٹرول پمپس پر ایپ دیکھی جاتی رہے گی اور رش لگا رہے گا، جبکہ جن کے ذریعے ریلیف دیا جا رہا ہے ان سے بات ہی نہیں کی گئی۔

بقیہ 35

ریفرنس کی سماعت ہوئی، تاہم مصطفی کمال سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش نہ ہوئے۔ ملزمان کے وکیل حسان صابر ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی وزیر صحت اسلام آباد میں مصروفیت کے باعث پیش نہیں ہو سکے، جبکہ زین ملک اور دیگر ملزمان بھی عدالت میں حاضر نہیں ہوئے۔ عدالت نے جن ملزمان کو عدالتی نوٹس کی تعمیل نہیں ہو سکی، انہیں دوبارہ نوٹس جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ نیب کے مطابق 2019ء میں مصطفی کمال، افتخار قائمخانی اور دیگر کے خلاف ریفرنس دائر کیا گیا تھا۔ ریفرنس میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ 1985ء میں کے ایم سی نے کلفٹن میں پارکرز کو پلاٹس الاٹ کیے تھے، جو بعدازاں بحریہ ٹاؤن کو منتقل کر دیئے گئے۔ احتساب عدالت نے ریفرنس کی مزید سماعت یکم اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 36

سیکرٹری یونیورسٹیز ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب زاہدہ اظہر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان، وائس چانسلر غازی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشفاق احمد چٹھہ، ڈائریکٹر لاء اینڈ پارلیمانی افیئرز حکومت پنجاب شاہد امتیاز، سیکرٹری فنانس پنجاب کے نمائندے، ممبر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد ڈاکٹر ناصر محمود خان، چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف، ماہر تعلیم تبسم رانا، پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن ماڈل ٹاؤن ڈیرہ غازی خان بشریٰ بی بی، اراکین صوبائی اسمبلی سردار احمد خان لغاری، سردار اسامہ خان لغاری، شازیہ عابد، غازی یونیورسٹی کے خزانچی ڈاکٹر محمد ضیاء اللہ اور رجسٹرار ڈاکٹر محمد آصف نے شرکت کی۔ ڈاکٹر محمد آصف نے اجلاس کے سیکرٹری کے فرائض انجام دیے۔ اجلاس کے دوران مختلف زیر التوا انتظامی وتدریسی امور پر تفصیلی غور کیا گیا اور اہم معاملات کو حل کیا گیا۔

بقیہ 37

ناقابل فراموش ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق گائیڈز معاشرتی بہتری کے لیے اپنا بھرپور کردار جاری رکھیں، انہیں سہولیات کی فراہمی کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ تربیتی نشست کے پہلے روز گائیڈ لیڈرز اور گائیڈز کو مالیاتی آگاہی، مقابلہ سٹیم، بچوں کے حقوق، قدرتی آفات سے بچاؤ، غذائیت، ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی، ذہنی و جذباتی صحت، قائدانہ صلاحیتوں، خود اعتمادی، کیمپنگ، ہائیکنگ، آؤٹ ڈور کوکنگ، کمیونٹی مہمات اور شجرکاری سمیت مختلف موضوعات پر عملی تربیت دی گئی۔ دوسرے روز شرکاء نے مختلف موضوعات پر پریزنٹیشنز بھی دیں۔ اس موقع پر سابق ایم این اے مسز شہناز سلیم اور سابق ایم پی اے مسز نجمہ ارشد اور دیگر نے بھی خطاب کیا تقریب میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے گروپس میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کے ساتھ گائیڈز کے نئے بیجز بھی منتخب کیے گئے۔ تقریب میں گائیڈز ایسوسی ایشن کی عہدیداران، ینگ لیڈرز اور مختلف سکولوں کی گائیڈز نے شرکت کی۔

بقیہ 38

اہتمام میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ (MDCAT) 20 ستمبر 2026 کو منعقد ہوگا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر ملتان ڈاکٹر فیصل سلیم کی زیر صدارت ضلعی محکموں کا اجلاس منعقد ہوا جس میں امتحانی مراکز، سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، بجلی کی بلا تعطل فراہمی، ریسکیو کیمپس، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ MDCAT کے انعقاد کے لیے تمام انتظامات مقررہ وقت سے قبل مکمل کیے جائیں اور امتحانی مراکز پر امیدواروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے ساتھ سازگار اور پرسکون امتحانی ماحول یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امیدواروں اور ان کے والدین کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں ہونا چاہیے جبکہ سکیورٹی اور ٹریفک پلان پر موثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ امتحانی مراکز کے اطراف ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے جامع ٹریفک پلان مرتب کرکے اس پر مکمل عملدرآمد کیا جائے، جبکہ بجلی، ریسکیو، صفائی اور دیگر متعلقہ سہولیات بھی بروقت یقینی بنائی جائیں۔

بقیہ 39

برائے متاثرہ سماعت ڈیرہ غازی خان میں آرٹ اینڈ کرافٹ مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں خصوصی بچوں نے بھرپور تخلیقی صلاحیتوں، فنی مہارت اور جمالیاتی ذوق کا شاندار مظاہرہ کیا۔ مقابلے کے دوران خصوصی طلبہ نے مختلف فن پارے تیار کر کے اپنی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر سپیشل ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان ذیشان احمد کی رہنمائی، پرنسپل ادارہ شاہد نواز خان اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا گیا۔ پرنسپل شاہد نواز نے کہا کہ آرٹ اینڈ کرافٹ جیسی مثبت اور تعمیری سرگرمیاں خصوصی بچوں میں خود اعتمادی، تخلیقی سوچ اور اظہار خیال کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ایسی سرگرمیاں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی بچوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے وژن کی عکاس ہیں۔

بقیہ 40

کے 9 ممالک کا سفر بغیر ویزا کے کر سکتے ہیں، جبکہ کچھ دیگر ممالک میں پہنچنے پر ویزا یا آن لائن سفری اجازت حاصل کی جا سکتی ہے۔ گلف نیوز کے مطابق پاکستان کا موبیلیٹی اسکور 42 ہے۔ اس اسکور کا مطلب یہ نہیں کہ پاکستانی شہری 42 ممالک میں بغیر ویزا سفر کر سکتے ہیں۔ اس میں ویزا فری داخلے کے ساتھ ویزا آن ارائیول اور الیکٹرانک ٹریول اتھارائزیشن، یعنی ای ٹی اے کے ذریعے حاصل ہونے والی سہولت بھی شامل ہے۔ پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے شہریوں کو 9 ممالک میں ویزا فری داخلے کی اجازت ہے، جبکہ مزید 29 ممالک میں پہنچنے پر ویزا حاصل کیا جا سکتا ہے۔ چار مقامات ایسے ہیں جہاں سفر سے قبل الیکٹرانک ٹریول اتھارائزیشن (ای ٹی اے) حاصل کرنا ضروری ہے۔ ای ٹی اے دراصل سفر کی پیشگی آن لائن اجازت ہوتی ہے، جس میں مسافر کو روایتی ویزا کے بجائے سفر سے پہلے متعلقہ ملک کے نظام پر الیکٹرانک منظوری حاصل کرنا پڑتی ہے

بقیہ 42

کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے استعمال ہونے والی ٹف ٹائلز کے میٹریل کی ٹیسٹ رپورٹ فوری طور پر حاصل کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ماڈل بازار کو وہیکل فری، خوبصورت اور سٹیٹ آف دی آرٹ بازار میں تبدیل کیا جا رہا ہے جس سے شہریوں اور تاجروں کو صاف ستھرا، محفوظ اور جدید ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی کاموں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ چیف ایگزیکٹیو میپکو کارپوریشن نعیم بٹلین نے یقین دہانی کرائی کہ بیوٹیفکیشن سمیت تمام ترقیاتی کام مقررہ معیار اور مدت کے مطابق مکمل کیے جائیں گے اور میٹریل کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ دریں اثناء ایم پی اے محمد حنیف پتافی سے سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا محسن بخاری نے بھی ملاقات کی ملاقات کے دوران حکومت کی جانب سے جاری تجاوزات کے خلاف مہم، پرائس کنٹرول اور دیگر اہداف سے متعلق بریفنگ دی۔ ایم پی اے محمد حنیف پتافی نے کہا کہ کسی کو ناجائز تنگ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 43

والدہ کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ متاثرہ خاتون کے بیٹے نے بتایا کہ جب وہ گھر پہنچا تو دونوں بہنیں مردہ حالت میں پڑی تھیں جبکہ والدہ کی حالت انتہائی ابتر تھی۔ دونوں بہنوں کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ تشویشناک حالت کے پیش نظر والدہ کو فوری طور پر راولپنڈی کے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ چائے بناتے وقت غلطی سے کوئی زہریلی چیز شامل ہو گئی تھی جس کی وجہ سے یہ حادثہ پیش آیا۔ دوسری جانب پولیس حکام کا کہنا ہے کہ معاملے کی تحقیقات جاری ہیں اور اصل حقائق پوسٹ مارٹم رپورٹ اور طبی معائنے کے بعد ہی سامنے آئیں گے۔

بقیہ 44

گیا۔ پولیس حکام کے مطابق حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہے، انہوں نے کہا کہ ٹرالر ڈرائیور کے خلاف کسی بھی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 45

انٹرویو کا مرحلہ 29 ستمبر سے 2 اکتوبر 2026 تک جاری رہے گا۔ یہ بھرتیاں فیصل آباد، چنیوٹ، جھنگ، حافظ آباد، سرگودھا، میانوالی، خوشاب اور بھکر کے اضلاع کیلئے کی جا رہی ہیں، صرف وہ خواتین امیدوار ان ٹیسٹوں میں حصہ لے سکیں گی جن کے شناختی کارڈ یا ڈومیسائل پر متعلقہ ضلع کا پتہ درج ہوگا، تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ یا اس کے مساوی مقرر کی گئی ہے، جبکہ متعلقہ شعبے میں کم از کم ایک سال کا تجربہ رکھنے والی امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ نادرا کے مطابق امیدواروں کی زیادہ سے زیادہ عمر 25 سال ہونی چاہیے، جس میں 5 سال کی عمومی عمر میں رعایت پہلے ہی شامل ہے، لہٰذا مزید کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 46

کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ڈراموں میں امیر، طاقتور اور غصے والے ہیرو کا فارمولا بار بار دہرایا جا رہا ہے۔ کئی صارفین نے خصوصاً دانش تیمور سے مختلف کردار کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ وہ گزشتہ کئی ڈراموں میں اسی نوعیت کے بااثر، غصیلے اور پوزیسیو کرداروں میں دکھائی دے چکے ہیں۔

بقیہ 47

جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کی ضروری قانونی کارروائی کے بعد ڈیڈ باڈی کو نشتر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 48

ساز آئندہ چند ماہ کے دوران بات چیت کو آگے بڑھائیں گے اور اداکار کے سامنے مکمل اسکرپٹ اور اسکرین پلے پیش کریں گے۔ اگر سب کچھ منصوبے کے مطابق آگے بڑھا تو یہ ان کی پروڈیوسر ساجد ناڈیاڈوالا اور ہدایت کار آر بالکی کے ساتھ پہلی فلم ہوگی۔ یاد رہے کہ عامر خان کی آخری بلاک بسٹر فلم دنگل تھی جو 2016 میں ریلیز ہوئی، 2017 میں ریلیز ہونے والی سیکریٹ سپر اسٹار نے بھی شاندار کامیابی حاصل کی تھی۔ 2025 میں ریلیز ہونے والی ستارے زمین پر نے بھی باکس آفس پر کامیابی حاصل کی تھی۔ کام کے محاذ پر عامر خان ہدایت کار آشوتوش گواریکر کی فلم لاکار میں کام کر رہے ہیں۔ کرکٹ پر مبنی اس فلم میں وہ سابق کرکٹر لالا امرناتھ کا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 49

میں سامنے آئی تھیں جب رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ سلمان خان ان کی فلمی لانچنگ کیلئے سرگرم ہیں۔ واضح رہے کہ سلمان خان ماضی میں سوناکشی سنہا، زرین خان، ڈیزی شاہ، سائی منجریکر، وارینا حسین اور آیوش شرما سمیت کئی فنکاروں کو فلمی دنیا میں متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کر چکے ہیں۔

بقیہ 50

اینٹی کرپشن ہیڈکوارٹر ملتان زبیر احمد اور ان کی ٹیم نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی زیر نگرانی ایک کامیاب ٹریپ ریڈ کارروائی انجام دی۔ کارروائی کے دوران ضیاالحسن اسٹامپ فروش ضلع کچہری ملتان کو سابقہ تاریخوں میں اسٹامپ جاری کرنے کے عوض مبلغ 15000 روپے وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کے قبضے سے رشوت کی رقم برآمد کر کے قانونی ضابطے کے مطابق تحویل میں لی گئی۔ ملزم قبل ازیں سائل محمد نصیر ولد گلاب علی سے 15000 روپے اس بابت وصول کر چکا ہے جبکہ مزید رقم رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار ہوا۔ ملزم کے خلاف متعلقہ قانونی دفعات کے تحت تھانہ اینٹی کرپشن ہیڈکوارٹر ملتان درج کر لیا گیا ہے، جبکہ تفتیش اور قانونی کارروائی جاری ہے۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب عوامی شکایات کے موثر ازالے، شفاف طرز حکمرانی کے فروغ اور بدعنوانی کے مکمل خاتمے کے لیے اپنے عزم پر کاربند ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے بلاامتیاز قانونی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رکھے ہوئے ہے۔ مزید برآں، عوام الناس سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ بدعنوانی کے خلاف اپنی شکایات اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو فراہم کریں تاکہ کرپٹ عناصر کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

بقیہ 51

بعدازاں ان کی ویڈیوز میں موجودگی کم ہو گئی تھی۔ اب اپنے یوٹیوب چینل کے ذریعے ایمان پہلی مرتبہ اپنی پسند کے مطابق آزادانہ کانٹنٹ بنا سکیں گی، تاہم چینل کے نام، پہلی ویڈیو اور کانٹینٹ کی نوعیت سے متعلق تفصیلات فی الحال سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ 52

محمد حنیف پتافی اور ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد نے منتخب امیدواروں میں اپائنٹمنٹ لیٹرز اور کامیاب انٹرنیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر احمد رضا بٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت غلام محمد بزدار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت شہام گوپانگ اور دیگر افسران موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اراکین پنجاب اسمبلی، ڈپٹی کمشنر اور محکمہ زراعت کے افسران نے کہا کہ ایگری گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام نوجوان زرعی گریجویٹس کے لیے عملی تجربے اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔ جدید زرعی طریقوں کے فروغ اور شعبہ زراعت کی ترقی کے لیے نوجوانوں کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت زرعی گریجویٹس کو ماہانہ 70 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا جبکہ نئے گریجویٹس کے لیے 17 سے 19 ستمبر تک تربیتی ورکشاپ بھی منعقد کی جائے گی۔

بقیہ 53

پاس رکھو بیوقوفوں والے، آپ یہ بات بعد میں بھی اس کو سمجھا سکتے تھے کہ طریقے سے کہ تم یہ مشورہ غلط دے رہی تھیں سنیتا مارشل نے مزید کہا ہمارے یہاں مردوں کی ذہنیت ایسی بنائی جاتی ہے کہ بیویاں تم سے کم تر ہیں، بیویاں ہمیشہ شوہروں کو آپ کہہ کر بات کرتی ہیں لیکن میاں آپ نہیں بولتا، وہ تم بولتا ہے کیونکہ اس کو لگتا ہے کہ یہ میرے سے چھوٹی ہے، شوہروں کی یہ ذہنیت ہوتی ہے کہ وہ مجھ سے چھوٹی ہے تو میں اس کا مذاق اڑا سکتا ہوں۔ اداکارہ کا مذکورہ بیان سوشل میڈیا پر خاصہ وائرل ہے اور صارفین سنیتا کے بیان سے متفق ہو کر اپنی رائے کا اظہار کر رہے ہیں۔

بقیہ 54

راستوں کو نشانہ بنانے سے حقیقی طور پر گریز کرے تو یوکرین بھی اس کے جواب میں ایسے حملے روکنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جزوی جنگ بندی کو قابل اعتماد اور طویل المدت ہونا چاہیے اور یہ روس میں رواں ماہ ہونے والے انتخابات کے بعد بھی برقرار رہنی چاہیے۔ زیلنسکی نے زور دیا کہ جنگ کا خاتمہ ضروری ہے اور اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے سے گریز پر مبنی کشیدگی میں کمی کا اقدام امن کی جانب پہلا قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ قبل ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ روس اور یوکرین توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے روکنے پر متفق ہو گئے ہیں۔

بقیہ 55

2027 تک مکمل کرلیا جائے گا۔ کمشنر عامر کریم خاں نے منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور مقررہ مدت میں تکمیل کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور ایس او پیز کے عین مطابق معیاری تعمیراتی کام یقینی بنایا جائے۔ کمشنر نے موقع پر استعمال ہونے والے میٹریل اور تعمیراتی کام کا بھی جائزہ لیا اور گراؤنڈ لیول کے مطابق معیاری بیس تیار کرنے جبکہ روڈ لیول کو موجودہ سطح کے مطابق برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ کمشنر عامر کریم خاں نے ملتان لودھراں روڈ کے سینٹرل میڈین کی ابھی سے نشاندہی کر کے تعمیر کے ساتھ پلانٹیشن کا کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے 62 کلومیٹر روڈ پر پلانٹیشن کے لیے مختلف مقامات کی نشاندہی کرنے اور تعمیراتی کام کے ساتھ شجرکاری کا عمل بھی جاری رکھنے کا حکم دیا۔ کمشنر نے کہا کہ بستی ملوک، لاڑ سمیت بلٹ اپ ایریاز میں سروس روڈز کی تعمیر جاری ہے، جبکہ روڈ کے اطراف پانی کے مناسب نکاس کے لیے ڈرینز کی تعمیر بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے میڈین بیریئرز اور کرب سٹونز کی تنصیب کے ذریعے روڈ کی خوبصورتی اور حفاظت یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے تعمیراتی کاموں کی گاہے بگاہے چیکنگ جاری رکھنے کا حکم دیا۔ ڈی سی لودھراں محمد اشرف اور دیگر متعلقہ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 56

دلچسپی کے باعث بھارتی اسٹاک ایکسچینج میں غیر ملکی سرمایہ کاری 17 سال کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ امریکی ٹی وی نے بینک آف امریکا کے حالیہ سروے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بھارت اب ایشیا میں سرمایہ کاروں کی سب سے کم پسندیدہ مارکیٹ بن چکا ہے۔

بقیہ 57

پنجاب حسام بن اقبال کی خصوصی ہدایات پر سائبر بلیک میلنگ کے خلاف مختلف شہروں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ این سی سی آئی اے کی ٹیم نے لاہور سے ایک، فیصل آباد سے 2 جبکہ ملتان سے 3 ملزمان کو گرفتار کیا۔ لاہور سے گرفتار ملزم افتخار پر الزام ہے کہ وہ اپنی سابق اہلیہ کو نجی تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے بلیک میل اور ہراساں کرنے میں ملوث تھا۔ اسی طرح فیصل آباد سے محمد آصف اور محمد عرفان کو واٹس ایپ اور سوشل میڈیا کے ذریعے ہراساں کرتا رہا۔ ملتان میں کارروائی کے دوران خواتین کو الیکٹرانک ذرائع سے ہراساں کرنے کے الزام میں محمد شعیب، محمد سالار اور احمد علی کو گرفتار کیا گیا۔ ڈائریکٹر این سی سی آئی اے پنجاب حسام بن اقبال کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے موبائل فونز اور ڈیجیٹل شواہد برآمد کیے گئے ہیں، جن کا فرانزک تجزیہ جاری ہے۔

بقیہ 58

خصوصیات، پلانٹ میپنگ، جلد پکنے کی صلاحیت اور پیداواری استعداد کے حوالے سے سائنسدانوں کی فنی معلومات اور عملی صلاحیت میں اضافہ کرنا تھا۔ سیمینار کے ریسورس پرسن ڈاکٹر کیٹر ڈیوس ہیک (امریکہ) تھے، جنہوں نے کپاس کی تحقیق، توسیع اور پیداواری نظام سے متعلق اپنے وسیع تجربات شرکاء کے ساتھ شیئر کیے۔ کپاس کے شعبے میں چار دہائیوں سے زائد تجربے کے حامل ڈاکٹر ہیک نے کاٹن فزیالوجی اور پلانٹ میپنگ کو فصل کی موثر جانچ اور بہتر انتظام کے لیے عملی طور پر استعمال کرنے میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ ٹیکنیکل سیشن کے دوران ڈاکٹر ہیک نے وضاحت کی کہ کپاس کی اقسام کو صرف کمی پیداوار کی بنیاد پر نہیں بلکہ ان کی اقسامی اور فعلیاتی خصوصیات کی بنیاد پر بھی سائنسی طور پر جانچا جا سکتا ہے۔ انہوں نے پودے کی اونچائی، پہلی پھل دار شاخ کے نوڈ، پھل آنے کے انداز، ٹینڈوں کی تقسیم، پھل برقرار رکھنے کی صلاحیت، پختگی کے رویے اور مجموعی پودائی ساخت جیسے اہم اوصاف پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ ان خصوصیات کی مدد سے جلد پکنے والی، زیادہ پیداوار دینے والی اور مقامی حالات سے بہتر مطابقت رکھنے والی کپاس کی اقسام کی نشاندہی کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کاٹن پلانٹ میپنگ ایک موثر تحقیقی اور فصل جانچنے کا عملی ذریعہ ہے۔ پلانٹ میپنگ کے ذریعے سائنسدان مختلف اوقات میں پھل دار شاخوں، اسکوائرز اور ٹینڈوں کی نشوونما کا جائزہ لے سکتے ہیں اور یہ سمجھ سکتے ہیں کہ کوئی کپاس کی قسم نباتاتی بڑھوتری کو تولیدی بڑھوتری اور بالآخر پیداوار میں کس انداز سے تبدیل کرتی ہے۔ اس طرح حاصل ہونے والی معلومات مختلف اقسام کی جلد پختگی، پیداواری استعداد، پھل برقرار رکھنے کی صلاحیت، پختگی کے انداز اور مختلف ماحولیاتی وانتظامی حالات کے ردعمل کو سمجھنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ سیمینار میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ دو کپاس کی اقسام بظاہر یکساں پیداوار دے سکتی ہیں، تاہم ان میں فصل کی مدت، ٹینڈے بننے کے انداز، پودائی ساخت اور ابتدائی پھل دار مقامات پر پھل برقرار رکھنے کی صلاحیت کے لحاظ سے نمایاں فرق ہو سکتا ہے۔

بقیہ 59

حکومتی فورسز حوثیوں کو پسپا کرنے میں کامیاب ہوتی ہیں یا نہیں۔ زکارا کے مطابق حوثیوں کے زیر اثر آنے سے آبنائے باب المندب بھی خطرے میں ہے، جبکہ ایران کے حملوں کے باعث آبنائے ہرمز پہلے ہی عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حوثیوں نے آبنائے باب المندب بند نہ کرنے کا اعلان کیا ہے تاہم حوثیوں کے پاس باب المندب بند کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ زکارا کا کہنا تھا کہ حوثی ایران کے احکامات پر عمل کر رہے ہیں یا نہیں لیکن حوثیوں کی کارروائیاں ایران کے لیے فائدہ مند ثابت ہو رہی ہیں کیونکہ اس سے دونوں اہم سمندری گزرگاہیں خطرے کی زد میں آ گئی ہیں۔ تجزیہ کار نے مزید کہا کہ مغربی یمن میں حوثیوں کی پیش قدمی سے سعودی عرب بھی شدید متاثر ہوا ہے جبکہ تیل کی قیمتوں میں اضافہ بھی اس صورت حال کے اثرات میں شامل ہے۔

بقیہ 60

نے بخشی خانہ کا بھی تفصیلی معائنہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز نسرین اختر نے سی پی او ملتان کو ڈیوٹی اور انتظامات سے متعلق بریفنگ دی۔ سی پی او ملتان نے کہا کہ کچہری سمیت تمام حساس مقامات پر سکیورٹی کے موثر انتظامات اور ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں کی الرٹنس کو یقینی بنایا جائے۔ ملتان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 61

پراپرٹی سرٹیفکیٹس کے اجراء، ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم، ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی، ریونیو افسران کی کارکردگی، سرکاری ڈاک کی بروقت ترسیل اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم کے تحت کیسز کی بروقت سماعت اور فیصلوں پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ 60 روز کی مقررہ مدت میں کیسز کے فیصلے نہ کرنے والے ریونیو افسران کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو کو اپنے اضلاع میں سسٹم پر کیسز کی پیش رفت کی موثر نگرانی کرنے اور مقررہ مدت میں فیصلوں کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے عملدرآمد رپورٹ طلب کر لی۔ کمشنر نے ریونیو افسران کی سنیارٹی لسٹ بھی فوری طور پر طلب کرتے ہوئے بتایا کہ آئندہ ہفتے ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کا اجلاس منعقد کر کے اہل افسران کی ترقیوں کے معاملات نمٹائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افسران اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو موثر انداز میں ادا کریں اور ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم کے طریقہ کار کو مکمل طور پر سمجھتے ہوئے اس پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ سسٹم میں عدم دلچسپی یا غفلت کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اشفاق احمد چوہدری نے واضح کیا کہ ریونیو معاملات میں بروقت پیش رفت یقینی بنانا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو کی براہ راست ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں، کیسز کی سماعت مکمل کر کے انہیں بروقت فیصلوں کے لیے متعلقہ فورم کو بھجوایا جائے تاکہ سائلین کو غیر ضروری تاخیر اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے پانچوں اضلاع میں اب تک 2363 گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹس جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کے اجلاسوں میں کیسز کی سماعت کے بعد 280 کیسز فیصلوں کے لیے متعلقہ ٹریبونل کو بھجوائے جا چکے ہیں کمشنر نے اضلاع میں مینوئل ڈاک کی ترسیل میں غیر ضروری تاخیر کا بھی سخت نوٹس لیا اور متعلقہ حکام کو دفتری ڈاک کے موجودہ نظام کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تاخیری حربے استعمال کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ضروری سرکاری دستاویزات کی بروقت ترسیل کے لیے آئندہ ای فاس کے نظام کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لایا جائے تاکہ دفتری امور میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ اور کارکردگی میں بہتری لائی جا سکے۔ کمشنر اشفاق احمد چوہدری نے افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو معاملات میں شفافیت، میرٹ اور رفتار کو یقینی بنایا جائے۔ زیر التوا کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور عوام کو ریونیو سے متعلق مسائل کے حل کے لیے موثر اور بروقت ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افسران کی کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے گی اور اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی جبکہ غفلت یا سست روی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی ہوگی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد، ایڈیشنل کمشنر ریونیو کاشف اعوان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نیاز احمد مغل، اسسٹنٹ کمشنر نعمان مجید اور حافظ عمر سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے جبکہ ڈویژن کے دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو اور متعلقہ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔

بقیہ 62

بھی کی گئی سکیورٹی اداروں نے ملزم کو گرفتار کیا، جبکہ تحقیقات کے بعد اس کے خلاف مذکورہ جرائم کے ارتکاب کا الزام ثابت ہوا۔ کیس متعلقہ عدالت میں پیش کیا گیا جہاں اسے تعزیری طور پر سزائے موت سنائی گئی۔ وزارت داخلہ کے مطابق عدالت کے فیصلے کے خلاف اپیل اور پھر سپریم کورٹ سے توثیق کے بعد فیصلہ حتمی ہو گیا، جس کے بعد شاہی فرمان کے تحت سزا پر عملدرآمد کیا گیا،

بقیہ 63

سسٹم، سرکاری واجبات کی وصولی، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹس، ونڈا جات کی تقسیم سمیت دیگر ریونیو معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نعمان مجید نے افسران و اہلکاروں کو ریونیو امور کی بروقت انجام دہی اور زیر التوا معاملات کو مقررہ مدت میں نمٹانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ریونیو افسران کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ عوام کو ریونیو سے متعلقہ امور میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور سرکاری واجبات کی وصولی کے اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 64

نے PET-CT، Cyclotron اور Cancer Centre کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں موجود سہولیات، انفراسٹرکچر، تکنیکی انتظامات اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انسپکشن ٹیم کے دورے کے موقع پر پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی، وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی، مسٹر احسان الحق، ایڈیشنل سیکرٹری ساؤتھ پنجاب، ڈاکٹر عبدالقادر خان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نشتر ہسپتال ملتان اور ڈاکٹر رانا عتیق، ہیڈ آف آنکولوجی ڈیپارٹمنٹ بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران PET-CT اور Cyclotron کی تنصیب، تکنیکی و آپریشنل تیاری، Cancer Centre کے مختلف شعبہ جات، مریضوں کے لیے سہولیات اور آئندہ فراہم کی جانے والی جدید تشخیصی و آنکولوجی خدمات کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ حکام نے تمام ضروری انتظامات، معیار خدمات، مریضوں کی حفاظت اور موثر سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی۔ اس موقع پر ڈاکٹر رانا عتیق، ہیڈ آف آنکولوجی ڈیپارٹمنٹ نے معزز حکام کو PET-CT، Cyclotron اور Cancer Centre کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ آئندہ افتتاح کے لیے انتظامات اور مختلف عملی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی، وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی نے اس امر پر زور دیا کہ جدید طبی سہولیات کو موثر، محفوظ اور مریض دوست انداز میں فعال بنانا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور ٹیموں کو ہدایت کی کہ تمام انتظامات میں باہمی رابطہ اور پیشہ ورانہ معیار برقرار رکھا جائے تاکہ مریضوں کو جدید تشخیصی وطبی سہولیات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جا سکے۔

بقیہ 65

کیا ہے۔ متاثرہ خاندان کے مطابق کمسن مزمل کو مثانے کی تکلیف کے باعث جنت میڈیکیئر ہسپتال خانیوال لایا گیا، جہاں ڈاکٹر مشتاق نے بچے کا مثانے کا آپریشن کرنا تھا۔ ورثا کا الزام ہے کہ مبینہ طور پر بچے کے مثانے کے بجائے بڑی آنت کا آپریشن کیا گیا، جس کے بعد بچے کی حالت مزید بگڑ گئی۔ ورثا کے مطابق بچے کی طبیعت انتہائی خراب ہونے پر اسے فوری طور پر ابن سینا ہسپتال ملتان کے انتہائی نگہداشت یونٹ (آئی سی یو) منتقل کیا گیا، جہاں وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہا، تاہم بعدازاں کمسن مزمل جانبر نہ ہو سکا۔ بچے کی وفات پر اہل خانہ شدید صدمے اور غم میں مبتلا ہیں۔ ورثا کا کہنا ہے کہ وہ واقعے کی مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات چاہتے ہیں تاکہ اگر کسی قسم کی طبی غفلت یا کوتاہی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ متاثرہ خاندان اور مقامی شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر خواجہ سلمان رفیق اور ڈپٹی کمشنر خانیوال حنا ارشد سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شفاف انکوائری کرائی جائے، جبکہ متاثرہ خاندان کو انصاف اور ممکنہ قانونی و مالی معاونت بھی فراہم کی جائے۔ ورثاء نے خبردار کیا ہے کہ اگر واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات نہ ہوئی اور ذمہ داروں کا تعین نہ کیا گیا تو وہ قانونی و جمہوری احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ 66

بلاامتیاز کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ملتان، بشارت نبی کی نگرانی میں سرکل آفیسر اینٹی کرپشن ہیڈکوارٹر ملتان اور ان کی ٹیم نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی زیر نگرانی ایک کامیاب ٹریپ ریڈ کارروائی انجام دی۔ کارروائی کے دوران شہزادہ ملازم لوکل گورنمنٹ لودھراں رقم رشوت مبلغ 25000 روپے وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کے قبضے سے رشوت کی رقم برآمد کر کے قانونی ضابطے کے مطابق تحویل میں لی گئی۔ ملزم کے خلاف متعلقہ قانونی دفعات کے تحت حسنین کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 16/2026 تھانہ اینٹی کرپشن ہیڈکوارٹر ملتان درج ہوا، جبکہ مزید تفتیش اور قانونی کارروائی جاری ہے۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب عوامی شکایات کے موثر ازالے، شفاف طرز حکمرانی کے فروغ اور بدعنوانی کے مکمل خاتمے کے لیے اپنے عزم پر کاربند ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے بلاامتیاز قانونی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رکھے ہوئے ہے۔ مزید برآں، عوام الناس سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ بدعنوانی کے خلاف اپنی شکایات اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو فراہم کریں تاکہ کرپٹ عناصر کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

بقیہ 67

اقدامات کر رہی ہے اور شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر درخواست پر میرٹ کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 68

انسٹیٹیوٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ کے سروے میں ہوا ہے۔ سروے کے مطابق 33 فیصد افراد نے وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے جبکہ 23 فیصد نے قومی احتساب بیورو پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ اس کے برعکس پارلیمنٹ پر 15 فیصد افراد، صوبائی حکومتوں پر 17 فیصد، بلدیاتی حکومتوں پر 18 فیصد نے اعتماد کیا۔ سروے کے مطابق ایف بی آر، مقامی عدالتوں اور پولیس پر اعتماد کا اظہار کرنے والوں کی شرح 22 فیصد دیکھی گئی۔ سروے میں 18 فیصد نے سرکاری اداروں میں رشوت ستانی کا سامنا کرنے کا کہا، البتہ 77 فیصد نے انکار کیا۔ حیران کن طور پر کرپشن کے خلاف 31 فیصد نے سب سے پہلے پولیس، جس کے بعد 19 فیصد نے نیب، 14 فیصد نے عدالتوں جبکہ 13 فیصد نے ایف آئی اے سے رابطہ کرنے کا کہا، حالانکہ سروے میں پولیس پر اعتماد کرنے والوں کی شرح ایف آئی اے اور نیب سے کم دیکھی گئی۔

بقیہ 69

جائے گا۔ ایس پی سٹی کینٹ ڈاکٹر خدیجہ عمر، ڈی ایس پی ممتاز آباد عظمت شاہین سرکل کے ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کھلی کچہری میں ان کے ہمراہ تھے سی پی او ملتان نے کھلی کچہری میں آئے شہریوں کے مسائل سنے اور شہریوں کے مسائل فوری حل کرنے کے احکامات جاری کئے سی پی او ملتان نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ شہریوں کی شکایات و مسائل حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اور سائلین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے سی پی او ملتان نے مدعیان مقدمہ کی ریکور شدہ نقد رقم اور دیگر برآمدگی کھلی کچہری کے دوران ان کے حوالے کی۔ انہوں نے تمام شہریوں سے کہا کہ اجتماعی و انفرادی حقیقی مسائل کے حل کے لیے ہمارے دفاتر سب کے لیے کھلے ہیں کھلی کچہری میں آئے شہریوں نے اپنے مسائل توجہ سے سننے اور حل کی یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کیا

بقیہ 70

خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر غلام علی ملاح نے تعلیمی شعبے، بالخصوص انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن کے لیے اپنی صلاحیتوں، تجربے اور انتھک محنت سے نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں۔ ان کی قیادت میں IBCC کے امور میں بہتری، تعلیمی اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری اور طلبہ و تعلیمی حلقوں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے قابل قدر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر غلام علی ملاح کی علمی بصیرت، پیشہ ورانہ قابلیت اور تعلیمی خدمات نہ صرف قابل ستائش ہیں بلکہ دیگر تعلیمی منتظمین کے لیے بھی مشعل راہ ہیں۔ تمغۂ امتیاز ان کی گراں قدر قومی و تعلیمی خدمات کا اعتراف ہے۔ اس موقع پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ڈائریکٹر جنرل ریجنل سروسز ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان، ڈائریکٹر ایڈمیشن سید ضیاء الحسنین نقوی، عرفان علی انصاری اور ڈاکٹر نیر علی کاظمی بھی موجود تھے۔

نوجوانوں کی تربیت اور سماجی فلاح کے لیے گرلز گائیڈز کی خدمات قابل تحسین ہیں

گرلز گائیڈز لیڈرز اور گائیڈز کی دو روزہ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

معاشرے میں شعور بیدار کرنے، نوجوانوں کی تربیت اور فلاحی سرگرمیوں میں گائیڈز کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، احمد رضا

ڈیرہ غازی خان (اسداللہ خان داؤدی) گرلز گائیڈز ڈیرہ غازی خان کے زیراہتمام گائیڈ لیڈرز اور گائیڈز کی دو روزہ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر ہوگئی۔ اختتامی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر احمد رضا بٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر احمد رضا بٹ نے کہا ہے کہ معاشرے میں شعور بیدار کرنے، نوجوانوں کی تربیت اور فلاحی سرگرمیوں میں گائیڈز کی خدمات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ڈیرہ غازی خان: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر احمد رضا بٹ گرلز گائیڈ کی تقریب سے خطاب دوسری طرف سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

روڈ کی تعمیر میں سست روی یا معیار پر سمجھوتہ برداشت نہیں ہوگا: کمشنر

کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں کا زیر تعمیر ملتان لودھراں روڈ کا دورہ، منصوبے پر جاری کام کا تفصیلی جائزہ

کمشنر کا 62 کلو میٹر روڈ پر پلانٹیشن کیلئے مختلف مقامات کی نشاندہی کرنے اور تعمیراتی کام کیساتھ شجرکاری کا عمل بھی جاری رکھنے کا حکم

ملتان (نامہ نگار) کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں نے زیر تعمیر ملتان لودھراں روڈ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کام، معیار اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ نیشنل ہائی وے اور مواصلات کے افسران نے کمشنر عامر کریم خاں کو منصوبے پر جاری کام کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر عامر کریم خاں نے کہا کہ 62 کلو میٹر طویل ملتان لودھراں روڈ منصوبہ ساڑھے 4 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جا رہا ہے جبکہ منصوبہ جنوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

کمشنر عامر کریم خاں ملتان لودھراں روڈ منصوبے پر بریفنگ لے رہے ہیں

پاسپورٹ عالمی درجہ بندی میں پاکستان 183 ویں نمبر پر آ گیا

پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والوں کو مجموعی طور پر 42 مقامات تک آسان سفری سہولت حاصل

9 ممالک میں ویزا فری داخلے کی اجازت، 29 ممالک میں پہنچنے پر ویزا حاصل کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (پینا نیوز) پاسپورٹ کی تازہ عالمی درجہ بندی میں پاکستان 183 ویں نمبر پر آ گیا ہے، پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والوں کو مجموعی طور پر 42 مقامات تک آسان سفری سہولت حاصل ہے۔ پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے شہری 2026 میں دنیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول آف سپیشل
ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت میں
آرٹ اینڈ کرافٹ مقابلے کا انعقاد

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول آف سپیشل ایجوکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ضلعی انتظامیہ ملتان کے زیرِ اہتمام
میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن
ٹیسٹ 20 ستمبر 2026 کو منعقد ہوگا

ملتان (سٹی رپورٹر) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (UHS) اور ضلعی انتظامیہ ملتان کے زیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سائبر بلیک میلنگ میں ملوث 6 ملزمان گرفتار

لاہور 1، فیصل آباد 2 اور ملتان سے 3 ملزمان کو گرفتار کیا گیا

ایک ملزم سابق اہلیہ کو نجی تصاویر اور ویڈیوز سے بلیک میل کر رہا تھا

ملتان، لاہور، فیصل آباد (کرائم رپورٹر، نمائندگان) لاہور میں سابق اہلیہ کو نجی تصاویر اور ویڈیوز سے بلیک میل کرنے والے شخص سمیت سائبر بلیک میلنگ میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈائریکٹر این سی سی آئی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ترقیاتی کاموں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائیگا، حنیف پتافی

ایم پی اے کا شہر میں جاری بیوٹیفکیشن سکیم کا معائنہ، متعلقہ افسران کو بیوٹیفکیشن کا کام ایک ماہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) رکن پنجاب اسمبلی محمد حنیف خان پتافی نے شہر میں جاری بیوٹیفکیشن سکیم کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن نعیم سبطین، میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر اسد عباس اور سینئر سب انجینئر ایاز شاہ موقع پر کام کی پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ایم پی اے محمد حنیف خان پتافی نے متعلقہ افسران کو بیوٹیفکیشن کا کام ایک ماہ کے اندر مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ڈیرہ غازیخان، ایم پی اے محمد حنیف پتافی شہر میں جاری بیوٹیفکیشن سکیم کا معائنہ کر رہے ہیں

MNS زرعی یونیورسٹی میں ”کاٹن پلانٹ فزیالوجی اینڈ میپنگ“ کے موضوع پر تربیتی سیشن

سیشن میں زرعی یونیورسٹی، کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ملتان اور کاٹن ریسرچ سب اسٹیشنز کے کپاس کے سائنسدانوں کی شرکت

ملتان (آصف خان نیازی) محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں INNOGROW کے اشتراک سے ”کاٹن پلانٹ فزیالوجی اینڈ میپنگ“ کے موضوع پر تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن میں زرعی یونیورسٹی ملتان، کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ملتان اور پنجاب میں اس سے منسلک کاٹن ریسرچ سب اسٹیشنز کے کپاس کے سائنسدانوں نے شرکت کی۔ سیشن کا مقصد کپاس کی نباتاتی فعلیات، اقسام کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

ملتان، ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں ”کاٹن پلانٹ فزیالوجی اینڈ میپنگ“ کے موضوع پر منعقدہ تربیتی سیشن مقررین خطاب کر رہے ہیں

ہارون آباد میں ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق

ہارون آباد (سٹی رپورٹر) ہارون آباد میں فورٹ عباس روڈ پر 69 فور آر کے قریب ٹرالر اور موٹر سائیکل میں تصادم سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق شخص کی شناخت محمد امین کے نام سے ہوئی جس کی لاش کو ضروری کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

چکوال، زہریلی چائے پینے سے 2 بہنیں جاں بحق

چکوال (پینا نیوز) چکوال میں مبینہ طور پر زہریلی چائے پینے سے 2 بہنیں جاں بحق ہوگئیں جبکہ والدہ کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق چکوال کے نواحی قصبے چک بھون میں مبینہ طور پر زہریلی چائے پینے کے بعد انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں دو بہنیں موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں جبکہ ان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سی پی او صادق علی ڈوگر کا کچہری بخشی خانہ ڈیوٹی کا معائنہ

ملتان (جنرل رپورٹر) سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر نے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز نسرین اختر کے ہمراہ کچہری بخشی خانہ ڈیوٹی کا معائنہ کیا۔ سی پی او ملتان نے کچہری میں تعینات پولیس افسران و جوانوں کی ڈیوٹی اور سکیورٹی انتظامات کو چیک کیا اور اہلکاروں کو الرٹ رہتے ہوئے فرائض منصبی انجام دینے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر سی پی او ملتان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

پنجاب: نادرا میں خواتین کی بھرتیوں کا اعلان، انٹرمیڈیٹ تعلیم لازمی قرار

پنجاب کے 8 اضلاع میں بھرتیاں ہونگی ٹیسٹ اور انٹرویو کا مرحلہ 29 ستمبر سے 2 اکتوبر 2026 تک جاری رہے گا

بھرتیاں فیصل آباد، چنیوٹ، جھنگ، حافظ آباد، سرگودھا، میانوالی، خوشاب اور بھکر کے اضلاع کیلئے کی جا رہی ہیں

اسلام آباد (پینا نیوز) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے پنجاب کے 8 اضلاع سے تعلق رکھنے والی خواتین کیلئے جونیئر ایگزیکٹو (ڈیٹا انٹری آپریٹر) کی آسامیوں کا اعلان کر دیا۔ ان آسامیوں کیلئے واک اِن ٹیسٹ اور انٹرویوز سرگودھا میں منعقد ہوں گے، جبکہ ٹیسٹ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

مینول ڈاک میں تاخیر کا سخت نوٹس، دفاتر میں ای فاس سسٹم فعال کرنے کا حکم

کمشنر اشفاق احمد چوہدری کی زیر صدارت ریونیو معاملات سے متعلق ویڈیو لنک اجلاس، متعلقہ افسران کی شرکت

60 روز کی مقررہ مدت میں کیسز کے فیصلے نہ کرنیوالے ریونیو افسران کیخلاف کارروائی کی جائے گی، اشفاق احمد چوہدری

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری کی زیر صدارت ریونیو معاملات سے متعلق ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل کمشنر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گرین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

ڈیرہ غازیخان، کمشنر اشفاق احمد چوہدری ریونیو معاملات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد موجود ہیں

INTERNATIONAL
انٹرنیشنل

روس حملے روکے تو یوکرین بھی بعض اہداف پر حملے روکنے کو تیار ہے، زیلنسکی

کسی بھی جزوی جنگ بندی کو قابل اعتماد اور طویل المدت ہونا چاہیے، یوکرینی صدر

کیف (پینا نیوز) یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ اگر روس بھی ایسا ہی کرے تو یوکرین بعض اہداف پر حملے روکنے کے لیے تیار ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں زیلنسکی نے کہا کہ اگر شراکت دار اس امر کو یقینی بنانے کے لیے تیار ہیں کہ روس یوکرین کے بجلی کے نظام، دیگر توانائی تنصیبات، اہم بنیادی ڈھانچے اور غذائی اشیا کی ترسیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

متعدد عالمی کمپنیوں نے بھارت میں اپنی سرمایہ کاری صفر کر دی

بھارت اب ایشیا میں سرمایہ کاروں کی سب سے کم پسندیدہ مارکیٹ بن چکا ہے، امریکی ٹی وی

نئی دہلی (پینا نیوز) بھارتی شیئرز میں عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں نمایاں کمی آ گئی۔ عالمی جریدے کی رپورٹ کے مطابق متعدد کمپنیوں نے بھارت میں اپنی سرمایہ کاری صفر کر دی۔ بھارتی اسٹاک مارکیٹ میں عالمی سرمایہ کاری 17 سال کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ عالمی کمپنیاں مصنوعی ذہانت کے شعبے میں مواقع کی کمی اور کم منافع کے باعث بھارتی مارکیٹ سے تیزی سے سرمایہ نکال رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سرمایہ کاروں کی عدم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

امریکا خلا میں فوجی طاقت بڑھانے کا سلسلہ بند کرے، چین

چین خلا کو جنگی میدان بنانے کی ہر کوشش کو مسترد کرتا ہے

بیجنگ (پینا نیوز) چینی وزارت خارجہ نے خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ کی مخالفت کرتے ہوئے امریکا پر زور دیا ہے کہ وہ خلا میں اپنی فوجی طاقت بڑھانے کا سلسلہ بند کرے۔ چینی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ چین خلا کو جنگی میدان بنانے کی ہر کوشش کو مسترد کرتا ہے، جبکہ خلا میں فوجی سرگرمیوں میں اضافہ عالمی امن و استحکام کے لیے نقصان دہ ہوگا۔ چینی حکام نے خبردار کیا کہ خلا میں فوجی سرگرمیوں اور ہتھیاروں کی دوڑ میں اضافے سے عالمی امن و سلامتی کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

عالمی تجزیہ کار کا مشرقِ وسطیٰ میں طاقت کا توازن بدلنے کا دعویٰ

حوثیوں کے زیرِ اثر آنے سے آبنائے باب المندب بھی خطرے میں ہے، زکارا

ریاض (پینا نیوز) محقق، جارج ٹاؤن یونیورسٹی قطر کے پروفیسر، مشرق وسطیٰ کے تجزیہ کار لوسیانو زکارا نے اپنے ایک مضمون میں کہا ہے کہ خطے میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ہونے والے واقعات نے طاقت کے توازن میں تبدیلی کے آثار پیدا کر دیے ہیں۔ عرب میڈیا پر شائع ہونے والے اپنے مضمون میں لوسیانو زکارا نے دعویٰ کیا کہ یمن کے حوثی باغیوں نے مغربی ساحل کے اہم علاقوں پر قبضہ کر لیا ہے جس کے بعد یہ دیکھنا باقی ہے کہ سعودی حمایت یافتہ یمنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

بنگلادیش، عوامی لیگ پارٹی کے 7 رہنماؤں کو سزائے موت

عدالت کی جانب سے یہ فیصلہ مجرمان کی غیر موجودگی میں سنایا گیا، غیر ملکی میڈیا

ڈھاکا (پینا نیوز) بنگلادیش میں شیخ حسینہ واجد کی پارٹی عوامی لیگ کے 7 رہنماؤں کو سزائے موت سنائی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق 15 ستمبر 2026 کو بنگلہ دیش کے انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل نے عوامی لیگ کے 7 سینئر رہنماؤں کو 2024 کی طلبہ تحریک کے دوران انسانیت کے خلاف جرائم کے الزام میں سزائے موت سنائی۔ عدالت کی جانب سے یہ فیصلہ مجرمان کی غیر موجودگی میں سنایا گیا۔ سزائے موت پانے والوں میں عبیدالقادر، اے ایف ایم بہاؤالدین نسیم، محمد علی عرفات، شیخ فضل شمس پراش، مینول حسین خان نکھل، صدام حسین، اور شیخ ولی عاصف عنان شامل ہیں۔

سعودی عرب، دہشتگردی کے جرم میں پاکستانی شہری کا سر قلم

سلیمان امجد نے دہشتگردانہ نظریات سے متاثر ہو کر غیر ملکی شہری کو قتل کیا، وزارت داخلہ

ریاض (پینا نیوز) سعودی عرب کے علاقے القصیم میں دہشتگردی کے جرائم میں ملوث پاکستانی شہری کی سزائے موت پر عملدرآمد کر دیا گیا، سعودی وزارت داخلہ کے مطابق منگل کے روز علاقے القصیم میں پاکستانی شہری سلیمان امجد کو سزائے موت دی گئی، سلیمان امجد نے دہشت گردانہ نظریات سے متاثر ہو کر جان بوجھ کر ایک غیر ملکی شہری کو قتل کیا اس کے علاوہ اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد ہوا اور مزید افراد کو قتل کرنے کی منصوبہ بندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

SHOWBIZ
شوبز

دانش تیمور کے بار بار ایک جیسے کرداروں سے ناظرین اکتا گئے

کئی صارفین نے دانش تیمور سے مختلف کردار کرنے کا مطالبہ کر دیا

لاہور (پینا نیوز) پاکستانی اداکار دانش تیمور کے نئے ڈرامے میں ان کے ایک جیسے کردار کرنے پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کی جا رہی ہے۔ نئے ڈرامے میں دانش تیمور شاہ داد جبکہ انمول بلوچ بریرہ اعجاز کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ شاہ داد کو ایک بااثر اور طاقتور شخص کے طور پر دکھایا گیا ہے جو اپنی مرضی منوانے کا عادی ہے، جبکہ بریرہ اس کے دباؤ کے سامنے جھکنے سے انکار کرتی ہے۔ حالیہ اقساط میں شاہ داد کے جارحانہ اور کنٹرولنگ رویے کے بعد ناظرین نے کہانی پر اعتراض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

عامر خان کا پہلی مرتبہ سپر ہیرو کا کردار نبھانے کا امکان

عامر خان کسی بھی فلم میں کام کرنے سے قبل مکمل اور مضبوط اسکرین پلے کو ترجیح دیتے ہیں

ممبئی (پینا نیوز) بالی ووڈ کے معروف اداکار عامر خان کا پہلی مرتبہ سپر ہیرو کا کردار نبھانے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق اداکار عامر خان سے ہدایت کار آر بالکی کی سپر ہیرو فلم میں کام کرنے کے لیے ابتدائی مرحلے میں بات چیت جاری ہے۔ فلم کو ساجد ناڈیاڈوالا پروڈیوس کریں گے جبکہ اس کی اسکرپٹ پر فی الحال کام جاری ہے، عامر خان اور فلمسازوں کے درمیان بات چیت ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے۔ واضح رہے کہ عامر خان کسی بھی فلم میں کام کرنے سے قبل مکمل اور مضبوط اسکرین پلے کو ترجیح دیتے ہیں۔ توقع ہے کہ فلم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

سلمان خان کے باڈی گارڈ شیرا کا بیٹا بالی ووڈ میں انٹری کیلئے تیار

ابیر سنگھ مبینہ طور پر فلم ”ٹارزن“ سے بالی ووڈ ڈیبیو کریں گے، سلمان خان ان کی فلمی لانچنگ کیلئے سرگرم

ممبئی (پینا نیوز) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے دیرینہ باڈی گارڈ شیرا کے بیٹے ابیر سنگھ کی فلمی دنیا میں انٹری کی خبریں سامنے آ گئی ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ابیر سنگھ مبینہ طور پر فلم ٹارزن سے بالی ووڈ ڈیبیو کریں گے، جس میں ان کے ساتھ اداکار سورج پنچولی بھی اہم کردار میں نظر آ سکتے ہیں۔ فلم کے ہدایتکار، پروڈکشن ہاؤس اور دیگر کاسٹ سے متعلق تفصیلات تاحال سامنے نہیں آئیں، جبکہ یہ بھی واضح نہیں کہ سلمان خان اس منصوبے سے کسی حیثیت میں وابستہ ہیں یا نہیں۔ شیرا کے بیٹے کے بالی ووڈ ڈیبیو کی خبریں پہلی مرتبہ 2022 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ایمان اسد اپنا یوٹیوب چینل لانچ کرنے کیلئے تیار

ایمان اسد کو ماضی میں رجب بٹ کے فیملی ولاگز کے ذریعے خاصی مقبولیت حاصل ہوئی تھی

لاہور (پینا نیوز) معروف یوٹیوبر رجب بٹ کی سابق اہلیہ ایمان اسد نے سوشل میڈیا پر آزادانہ طور پر نئی شروعات کرنے کا فیصلہ کر لیا اور وہ جلد اپنا یوٹیوب چینل لانچ کرنے والی ہیں۔ ایمان کے بھائی عون شیخ نے سوشل میڈیا پر اس حوالے سے اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی بہن کا یوٹیوب چینل آئندہ ایک سے دو روز میں تیار ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے اپنے فالوورز سے ایمان کو بھی اسی طرح محبت اور سپورٹ دینے کی درخواست کی۔ ایمان اسد کو ماضی میں رجب بٹ کے فیملی ولاگز کے ذریعے خاصی مقبولیت حاصل ہوئی تھی، تاہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مرد دوستوں کے سامنے اپنی بیوی کا مذاق اڑاتے ہیں، سنیتا مارشل

ہمارے یہاں مردوں کی ذہنیت ایسی بنائی جاتی ہے کہ بیویاں تم سے کم تر ہیں، اداکارہ

کراچی (پینا نیوز) پاکستانی اداکارہ و ماڈل سنیتا مارشل نے معاشرے میں مردوں کے اپنی بیویوں کی جانب نامناسب رویے پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ حال ہی میں ایک مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے سنیتا مارشل نے کہا کہ تقریباً 98 فیصد مرد دوستوں میں بیٹھ کر اپنی بیوی کا مذاق اڑاتے ہیں، یہ ہمارے یہاں دیسی کلچر میں زیادہ ہے لیکن مغرب میں ایسا کچھ نہیں ہے۔ اداکارہ نے کہا اگر بیوی نے سب کے سامنے کوئی مشورہ دیا تو اسی وقت اسے کہیں گے کہ ارے تم اپنے مشورے اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سی ایم پنجاب انسپیکشن ٹیم کا PET-CT، سائیکلوٹرن اور کینسر سینٹر کا معائنہ

ٹیم نے موجود سہولیات، انفراسٹرکچر، تکنیکی انتظامات اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا، متعلقہ حکام نے بریفنگ دی

ملتان (سٹی رپورٹر) نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان میں جدید کینسر تشخیص اور علاج کی سہولیات کو فعال بنانے اور آئندہ افتتاحی تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے سلسلے میں اعلیٰ سطحی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں سی ایم پنجاب انسپیکشن ٹیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

سی ایم پنجاب انسپیکشن ٹیم کا PET-CT، سائیکلوٹرن اور کینسر سینٹر کا معائنہ کر رہی ہے

عوام کو ریونیو سے متعلقہ امور میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے، نعمان مجید

اسسٹنٹ کمشنر صدر نعمان مجید کی زیر صدارت تحصیل کے ریونیو افسران، قانون گو، پٹواری اور دیگر ریونیو عملہ کا اجلاس

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر نعمان مجید کی زیر صدارت تحصیل کے ریونیو افسران، قانون گو، پٹواری اور دیگر ریونیو عملہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریونیو کورٹ مینجمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ڈیرہ غازیخان، اسسٹنٹ کمشنر صدر نعمان مجید ریونیو افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک شخص ٹرین کی زد میں آ کر موقع پر جاں بحق

پٹری کے قریب بیٹھا نامعلوم شخص ٹرین آتے دیکھ کر اچانک ٹرین کے سامنے آ گیا، عینی شاہدین

ملتان (سٹی رپورٹر) پل شیدی لال چوک کے قریب ایک شخص ٹرین کی زد میں آ کر موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ عینی شاہدین کے مطابق ایک شخص پٹری کے قریب بیٹھا تھا، ٹرین آتے دیکھ کر اچانک ٹرین کے سامنے آ گیا۔ حادثے میں 40 سالہ نامعلوم شخص سر پر شدید چوٹ لگنے کے باعث موقع پر ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

خانیوال، مبینہ طبی غفلت کا الزام، کمسن مزمل جاں بحق

ڈاکٹر مشتاق نے بچے کا مثانے کا آپریشن کرنے کی بجائے بڑی آنت کا آپریشن کیا

ورثا وزیراعلیٰ پنجاب، کمشنر خانیوال و اعلیٰ حکام سے شفاف تحقیقات اور کارروائی کا مطالبہ

خانیوال (بیورو چیف) مبینہ طبی غفلت کا ایک افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مثانے کی تکلیف کے باعث الجنت میڈیکیئر ہسپتال منتقل کیا گیا کمسن بچہ مزمل دورانِ علاج تشویشناک حالت میں مبتلا ہونے کے بعد جانبر نہ ہو سکا۔ ورثا نے متعلقہ ڈاکٹر مشتاق اور ہسپتال انتظامیہ پر علاج میں مبینہ غفلت اور لاپرواہی کا الزام عائد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

محکمہ لوکل گورنمنٹ کا اہلکار رشوت وصول کرتے رنگے ہاتھوں گرفتار

اینٹی کرپشن نے ملزم کے قبضے سے کرنسی برآمد کر کے قانونی ضابطے کے مطابق تحویل میں لی

ملتان (کرائم رپورٹر) محکمہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ملتان ریجن کی کامیاب ٹریپ ریڈ کارروائی، اہلکار محکمہ لوکل گورنمنٹ رشوت وصول کرتے رنگے ہاتھوں گرفتار۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب، سہیل ظفر چٹھہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں صوبہ بھر میں بدعنوان عناصر کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

کامیاب ٹریپ ریڈ، سابقہ تاریخوں کا اسٹامپ جاری کرنے پر اسٹامپ فروش گرفتار

ضیاالحسن ضلع کچہری ملتان کو سابقہ تاریخوں میں اسٹامپ جاری کرنے کے عوض مبلغ 15000 روپے وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

ملزم قبل ازیں سائل محمد نصیر سے 15000 روپے اس بابت وصول کر چکا ہے جبکہ مزید رقم رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار ہوا

ملتان (کرائم رپورٹر) محکمہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ملتان ریجن کی کامیاب ٹریپ ریڈ کارروائی اسٹامپ فروش رشوت وصول کرتے رنگے ہاتھوں گرفتار۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب، سہیل ظفر چٹھہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں صوبہ بھر میں بدعنوان عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ملتان، بشارت نبی کی نگرانی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحقیقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

سابقہ تاریخوں میں اسٹامپ جاری کرنیوالا اینٹی کرپشن پولیس کی تحویل میں

ایف آئی اے، نیب پر مکمل
اعتماد کرنیوالوں کی شرح منتخب
اور انتظامی اداروں سے زیادہ

اسلام آباد (پینا نیوز) ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنے والوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے زیادہ ہے۔ یہ انکشاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

عوامی مسائل کے ازالے میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری، سائل کے مسائل سنے اور حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کئے

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح، فیصل سلیم

ملتان (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ملتان ڈاکٹر فیصل سلیم نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر آفس میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی شنوائی کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مختلف مسائل اور شکایات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا، جن پر ڈاکٹر فیصل سلیم نے متعلقہ افسران کو مسائل کے فوری ازالے اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

ملتان، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی شنوائی کر رہے ہیں

ڈیرہ غازیخان 34 نئے زرعی گریجویٹس میں تعیناتی لیٹرز تقسیم

انٹرن شپ کامیابی سے مکمل کرنیوالے 44 گریجویٹس کو سرٹیفکیٹس دیئے گئے

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت ضلع ڈیرہ غازی خان میں ایگری گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت 34 نئے زرعی گریجویٹس میں تعیناتی لیٹرز جبکہ انٹرن شپ کامیابی سے مکمل کرنے والے 44 گریجویٹس میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس میں تقریب منعقد ہوئی۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت و رکن پنجاب اسمبلی سردار اسامہ فیاض لغاری، ایم پی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ڈیرہ غازیخان، پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت سردار اسامہ فیاض لغاری، ایم پی اے حنیف پتافی اور ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد منتخب امیدواروں میں اپائنٹمنٹ لیٹرز اور کامیاب انٹرنیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

سی پی او کی اپنے آفس، تھانہ ممتاز آباد میں کھلی کچہری

سائلین کے مسائل سنے اور حل کیلئے موقع پر تحریری و زبانی احکامات جاری کئے

ملتان (سٹی رپورٹر) سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر کی جانب سے اپنے آفس اور تھانہ ممتاز آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں آئے شہریوں نے سی پی او ملتان کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ سی پی او ملتان نے تمام شہریوں کے مسائل سنے اور میرٹ پر حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ سی پی او ملتان نے کھلی کچہری میں آئے شہریوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو میرٹ پر حل کیا جائے گا اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

ملتان، سی پی او صادق علی ڈوگر کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

اوپن یونیورسٹی ملتان کیمپس کے ریجنل ڈائریکٹر کی ڈاکٹر غلام علی سے ملاقات

غلام حسین کھوسہ نے ڈاکٹر غلام علی ملاح کو تمغۂ امتیاز حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی

ملتان (ایجوکیشن رپورٹر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملتان کیمپس کے ریجنل ڈائریکٹر غلام حسین کھوسہ نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن (IBCC) ڈاکٹر غلام علی ملاح سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹر غلام علی ملاح کو تمغۂ امتیاز حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ غلام حسین کھوسہ نے ڈاکٹر غلام علی ملاح کی IBCC کے لیے انجام دی جانے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملتان کیمپس کے ریجنل ڈائریکٹر غلام حسین کھوسہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن ڈاکٹر غلام علی ملاح کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد جنید ملک نے درانی آرٹ پریس ملتان سے چھپوا کر مکان نمبر 11 گلی نمبر 08 بلاک یو ملتان سے شائع کیا۔ ریذیڈنٹ ایڈیٹر: اسداللہ داؤدی
فون نمبر: 0302-8652233
asiaurdu1@gmail.com